وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | ہفتہ یکم اگست 2026ء 17 صفر المظفر 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 329

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com



راولپنڈی، جڑواں شہروں میں بارش کے بعد سڑکوں پر پانی جمع اور ٹریفک نہ ہونے کے برابر ہے اور لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے

اسلام آباد راولپنڈی بارشوں سے تباہی

مری میں چار منزلہ عمارت گر گئی

موسلادھار بارش سے معمولِ زندگی درہم برہم، نالہ لئی میں پانی کی سطح بلند، پانی دکانوں اور گھروں میں داخل، بچہ برساتی پانی میں ڈوب گیا

جھیکا گلی، کوثر کالونی اور ڈھک کے علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث متعدد مکانات خطرے کی زد میں آ گئے، ریسکیو اور دیگر اداروں کی امدادی کارروائیاں جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مون سون کی طوفانی بارشوں نے مری، راولپنڈی اور اسلام آباد میں معمولِ زندگی درہم برہم کر دیا، مری میں لینڈ سلائیڈنگ سے چار منزلہ عمارت زمین بوس ہوگئی، جبکہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں نالہ لئی میں پانی کی سطح بلند ہونے، متعدد علاقوں میں گھروں اور دکانوں میں پانی داخل ہونے اور ایک بچے کے برساتی نالے میں ڈوبنے کے واقعے نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا۔ رپورٹ کے مطابق ملکہ کوہسار مری میں شدید بارشوں کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے، جہاں موسلادھار بارش نے ہر طرف جل تھل کر دیا، مری ایکسپریس وے پر لکوٹ کے مقام پر ایک چار منزلہ عمارت زمین بوس ہوگئی، جبکہ جھیکا گلی، کوثر کالونی اور ڈھک کے علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث متعدد مکانات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ہائبرڈ نظام نے ملک کی جڑیں کھوکھلی کردی ہیں، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) محسن نقوی کے بیان پر جمعیت علمائے اسلام (ف) نے کہا ہے کہ ہائبرڈ نظام کی ناکامی کا اعتراف اس کا خالق خود کر رہا ہے اور مولانا فضل الرحمن پچھلے دو سال سے اس نظام کی ناکامی کا بار بار کہہ رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

الیکشن کمیشن دو اگست سے پہلے شکایات کی کھلی سماعت کرے، بلاول

ہمیں کسی کا احسان نہیں بلکہ ہمیں ہمارا حق چاہیے، چیئرمین پیپلز پارٹی

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آزاد کشمیر کے پہلے انتخابی مرحلے کے حوالے سے اہم بیان جاری کر دیا۔ بلاول بھٹو نے اپنے بیان میں کہا کہ کشمیر انتخابات کے پہلے مرحلے کی شفافیت کا فیصلہ انصاف سے ہوگا، اس کے لیے ضروری ہے کہ الیکشن کمیشن دو اگست سے پہلے دھاندلی سے متعلق تمام شکایات کی کھلی عدالت میں سماعت کرے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن پولنگ اسٹیشنوں کے نتائج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ایران پر مزید سخت حملے کریں گے، ڈونلڈ ٹرمپ

مشرق وسطیٰ کی جنگ میں ایران کی حالت بہت خراب ہوگئی ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی فوجی صلاحیت کو بڑی حد تک تباہ کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے دھمکی دی ہے کہ ایران پر مزید سخت حملے کریں گے۔ کیمپ ڈیوڈ میں اپنی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کی جنگ میں ایران کی حالت بہت خراب ہوگئی ہے، ایران کے پاس فوجی صلاحیت باقی ہے لیکن وہ بھی جلد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں معمولی کمی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں معمولی کمی کر دی اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ وزارت توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگیولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی حکومت کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

دہشتگردوں کو ہتھیار ڈالنے ہونگے ڈی جی ISPR

گڈ گورننس استحکام اور سیکیورٹی کے لیے ناگزیر ہیں، محسن نقوی کا بیان انکی ذاتی رائے، نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کا فیصلہ ہمیں نہیں عوام کو کرنا ہے

دہشت گردوں کو سمجھ آگیا ہے کہ ان سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، دہشت گرد یا تو قانون کے مطابق ہتھیار ڈال دیں یا پھر ہم ان کے خلاف لڑیں گے

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور رہے گا، بلوچستان کا مسئلہ وہیں کے سردار اور ایلیٹ طبقہ ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں سے بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں، انہیں ریاست کے سامنے ہتھیار ڈالنے ہوں گے یا پھر ہم انہیں ختم کر دیں گے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردوں کو سمجھ آ گیا ہے کہ ان سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، دہشت گرد یا تو قانون کے مطابق ہتھیار ڈال دیں یا پھر ہم ان کے خلاف لڑیں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ جان بوجھ کر یہ تاثر پھیلانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں، بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں مخصوص عناصر ملوث ہیں، معرکہ حق میں دشمن کی حکمت عملی ناکام ہونے پر بلوچستان میں نظریں جمائی گئیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ لاپتا افراد مستونگ، خضدار اور دیگر علاقوں میں دہشت گردی میں ملوث پائے گئے اور اکثر آپریشن کے دوران ہلاک حملہ آوروں میں اکثر لاپتا افراد ہوتے ہیں، افغانستان اور بھارت کے درمیان بی ایل اے کے علاوہ اور کیا چیز مشترکہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ جن مسنگ افراد کی فہرستیں دی جاتی ہیں وہ کہیں لڑائی میں مارے جاتے ہیں، لاپتا افراد کی فہرست کو لاپتا بی ایل اے کے دہشت گردوں سے ملائیں تو ایک جیسی ہوگی۔ ڈی جی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اوگرا کی ڈیجیٹلائزیشن بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں ایندھن کی آمد و رفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، شہباز شریف

ایندھن کی بلا تعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتیں یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، غفلت یا بدعنوانی برداشت نہیں کی جائیگی، وزیراعظم

اوگرا میں اصلاحات اور ایندھن سپلائی کی ڈیجیٹل نگرانی مزید مؤثر بنانے کے اقدامات کیے جائیں، اجلاس کے دوران ہدایات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے اوگرا میں اصلاحات اور ایندھن سپلائی کی ڈیجیٹل نگرانی مزید مؤثر بنانے کی ہدایت جاری کر دیں۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی اصلاحات اور ادارہ جاتی استعداد میں بہتری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم نے ہدایات جاری کیں کہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا تمام اداروں میں یکساں طور پر نفاذ یقینی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے آذربائیجانی کے سفیر الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم سے آذربائیجان کے سفیر کی الوداعی ملاقات، خدمات کو سراہا

شہباز شریف کا آذربائیجان کیساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے جمعہ کو یہاں پاکستان میں جمہوریہ آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے الوداعی ملاقات کی۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

کراچی پورٹ میں کارگو ہینڈلنگ کا نیا ریکارڈ قائم

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) میں مالی سال 26-2025 کے دوران اپنی کارکردگی میں نمایاں بہتری لاتے ہوئے کارگو، کنٹینرز اور جہازوں کی ہینڈلنگ کے تمام پرانے ریکارڈ ٹوٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستان کو ایران اسلحہ تنازع سے جوڑنے کی کوشش بے نقاب

اسلام آباد (کے ایم ایس) بھارت کے گودی میڈیا اور بعض نام نہاد دفاعی حلقوں کی جانب سے امریکہ-ایران کشیدگی کے دوران پاکستان اور چین کو ایران کو ہتھیاروں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

سٹاک مارکیٹ میں تیزی، 1 لاکھ 76 ہزار پوائنٹس بحال

انڈیکس ایک لاکھ 76 ہزار 920 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں مثبت رجحان کے باعث ایک لاکھ 76 ہزار پوائنٹس کی حد بحال ہوگئی۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال کو اجلاس کے دوران ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن بریفنگ دے رہے ہیں

سید یوسف رضا گیلانی کا عیدگاہ شریف راولپنڈی کا دورہ

اسلام امن، محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کا دین، چیئرمین سینیٹ

درگاہ کی دینی، روحانی اور سماجی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے راولپنڈی میں عیدگاہ شریف کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان میں تعینات برطانیہ کی ہائی کمشنر جین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے FAO کے ریجنل عہدیدار ملاقات کر رہے ہیں

حافظ نعیم الرحمٰن کا کوئٹہ کوئلہ کان حادثہ پر اظہار افسوس

امیر جماعت کی جاں بحق کان کنوں کے لواحقین سے تعزیت

حکومت سے کان میں پھنسے مزدوروں کیلئے حفاظتی نظام مؤثر بنانے کی اپیل

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کوئٹہ کے علاقے سورنج میں کوئلہ کان حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کوہستان مالیاتی اسکینڈل، 2 کروڑ 98 لاکھ سے زائد رقم ضبط

عدالت نے کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا، ملزم ریاض اور جہانزیب کے بیانات ریکارڈ

پشاور (نیوز ایجنسیاں) کوہستان مالیاتی اسکینڈل میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جس کے مطابق 2 کروڑ 98 لاکھ روپے سے زائد رقم ضبط کر لی گئی ہے۔ احتساب عدالت کے جج محمد ظفر نے کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا ہے۔ فیصلے کے مطابق سماعت کے دوران ملزم محمد ریاض اور جہانزیب کے بیانات ریکارڈ کیے گئے۔ ملزم جہانزیب کے مطابق نیشنل بینک آف پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ملتان، وزیر صحت مصطفیٰ کمال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جنرل عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری

وزیراعظم کی ترقی اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد، نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت نے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری دے دی۔ ایوان صدر کے اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری دی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

بھارتی سپانسرڈ دہشتگردی شواہد پھر سامنے آ گئے

فتنہ الخوارج پر اثر و رسوخ قائم کر کے پاکستان کیخلاف استعمال کرنا ہے، مسعود اندرابی

اسلام آباد/کابل (نیوز ایجنسیاں) سابق افغان خفیہ ایجنسی کے سربراہ مسعود اندرابی نے بھارت، فتنہ الخوارج اور طالبان کا گٹھ جوڑ بے نقاب کر دیا۔ سابق افغان انٹیلی جنس سربراہ مسعود اندرابی نے دی ڈپلومیٹ کے پروگرام میں کہا کہ افغان طالبان رجیم بھارت سے مالی امداد حاصل کر کے پاکستان میں دہشت گرد گروہوں کی پشت پناہی کر رہی ہے، معرکہ حق میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پاکستان میں لاپتہ 10 کوہ پیماؤں میں سے 4 کی لاشیں برآمد

5 نیپالی، 1 پاکستانی، ایک عمان، ایک چین، ایک امریکی اور ایک اور غیر ملکی شامل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے الپائن کلب نے اطلاع دی ہے کہ معروف نیپالی کوہ پیما نرمل پرجا کی قیادت میں دس کوہ پیما شمالی پاکستان میں برفانی تودہ گرنے سے لاپتہ ہوگئے ہیں جن میں سے 4 کی لاشیں مل گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق الپائن کلب آف پاکستان (اے سی پی) کو قراقرم کے پہاڑی سلسلے میں براڈ چوٹی (8,047 میٹر) پر برفانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پیپلز پارٹی کو معلوم ہونا چاہیے ہم گئے تو اکٹھے ہی جائیں گے، امیر مقام

مسلم لیگ (ن) نے گزشتہ دو برس کے دوران منظم انداز میں کام کیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے

پیپلز پارٹی موجودہ سیاسی نظام پر تنقید کرتی ہے مگر اسی نظام کا حصہ اور اہم آئینی عہدوں پر فائز ہے، وفاقی وزیر

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ انتخابی نتائج پر اعتراضات اٹھانے کے بجائے پیپلز پارٹی کو اس بات کا جائزہ لینا چاہیے کہ عوام نے اسے کیوں مسترد کیا۔ مظفر آباد میں مسلم لیگ (ن) کے ایک بڑے عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انجینئر امیر مقام نے کہا کہ آزاد کشمیر میں حکومت اور انتظامیہ پیپلز پارٹی کے زیر اثر ہے، اس لیے بے بنیاد الزامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

نئے صوبے، ن لیگ اور پیپلز پارٹی ایسا کبھی نہیں ہونے دینگے، گوہر

آپ ملک میں سو صوبے بھی بنائیں ہر طرف پی ٹی آئی ہی جیتے گی، چیئرمین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ انتظامی یونٹ ہوں یا نئے صوبے، ن لیگ اور پی پی یہ کبھی نہیں ہونے دیں گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کو اسپتال منتقل کیا گیا تھا انہیں منگل کی شب آنکھ کے چیک اَپ کے لیے اسپتال لایا گیا پھر اڈیالہ واپس لے گئے، مجھے بھی اسپتال منتقل کیے جانے کے بعد اطلاع دی گئی تھی، محسن نقوی اور بلاول بھٹو زرداری سے کسی قسم کا کوئی رابطہ نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اسرائیلی فوج میں بغاوت کا خوف

14 اہلکار برطرف، قید کی سزا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے بغاوت کے خدشے کے پیش نظر 14 اہلکاروں کو جنگی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا اور سزا دیتے ہوئے ایک مہینے کے لیے فوجی جیل بھیج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

عبدالعلیم خان کی صوبوں کو 3، 3 حصوں میں تقسیم کرنے کی تجویز

انتظامی اصلاحات بارے محسن نقوی کی باتیں غور طلب ہیں، صدر آئی پی پی

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر مواصلات و صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی انتظامی اصلاحات پر باتیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، چیف ایگزیکٹو پاکستان کرپٹو کونسل بلال بن ثاقب پیر حسان حسیب الرحمن سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکی نگرانی میں آبنائے ہرمز عبور کرنیوالے 2 جہاز نشانہ

ضوابط کی خلاف ورزی پر آئل ٹینکروں کو نشانہ بنا کر روکا گیا، پاسدارانِ انقلاب

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی فضائی نگرانی میں آبنائے ہرمز عبور کرنے کی کوشش کرنے والے 2 جہازوں کو نشانہ بنایا گیا۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے آئل ٹینکروں کو نشانہ بنا کر روک دیا گیا۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ دیگر 4 آئل ٹینکروں نے فوری طور پر اپنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کراچی؛ ٹریلر نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، نوجوان جاں بحق

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے علاقے موچکو یوسف گوٹھ بس ٹرمینل کے قریب ٹریلر نے موٹر سائیکل سوار 3 افراد کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں نوجوان جاں بحق اور 2 افراد زخمی ہوگئے جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کوئٹہ سورینج میں کوئلے کی کان میں دھماکہ، 34 مزدور جاں بحق

حادثہ افسوسناک ہے، صدر، وزیراعظم

کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے بعد پھنسے 42 افراد میں سے 34 کی موت کی تصدیق

متاثرہ کان میں پھنسے دیگر مزدوروں تک رسائی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی

کوئٹہ، اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے بعد پھنسے 42 افراد میں سے 34 کی موت کی تصدیق کر دی گئی، جن کی لاشیں بھی نکال لی گئی ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق کوئلہ کان حادثہ دو کانوں کے بیٹھنے سے پیش آیا، ایک کوئلہ کان سے 22 لاشیں جبکہ دوسری کان سے 12 لاشیں نکالی گئیں، مزید کان کنوں کی لاشوں کو نکالنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وزیر ریلوے حنیف عباسی ترکیہ کے معاشی ماہرین کے ہمراہ میٹنگ کر رہے ہیں

عراق پر سعودی حملہ حق دفاع ہے، پاکستان

اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے مطابق سعودیہ کو دفاع کا حق حاصل، دفتر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے سعودی عرب پر ہونے والے حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر خودمختار ریاست کو بین الاقوامی قوانین کے تحت اپنے دفاع کا حق حاصل ہے اور عراق میں سعودی کارروائی کو اسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ کے دوران کہا کہ اقوام متحدہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی تھانہ ریس کورس قتل کیس کا فیصلہ، مجرم کو سزائے موت

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عدالت نے تھانہ ریس کورس قتل کیس کا فیصلہ سنا دیا، مجرم شہاب کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت سنا دی گئی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پنڈی کی مقامی عدالت نے تھانہ ریس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

روزنامہ
SHEHAR NAMA
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

مینڈیٹ کو خوش دلی سے قبول کرنا ہی جمہوری روایت کا تقاضا!

آزاد کشمیر کے انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی میں کانٹے کا مقابلہ دیکھنے میں آیا۔ غیر حتمی نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) 9 نشستوں پر کامیاب ہوئی، جبکہ پیپلز پارٹی نے 4 نشستیں جیت لیں۔ مجموعی طور پر 296 امیدوار انتخابی میدان میں تھے۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق اپنی نشست کھو بیٹھے۔ آئی پی پی اور آزاد امیدوار کوئی نشست حاصل نہ کر سکے۔ استحکام پاکستان پارٹی کے ایل اے 6 سماہنی کے امیدوار چودھری علی شان سونی کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق علی شان سونی پر پولنگ سٹیشن جلانے اور بیلٹ بکس چھیننے کا الزام ہے۔ انتخابات 2026ء کے پہلے مرحلے میں پولنگ کا وقت شام 5 بجے ختم ہونا تھا، تاہم اس میں ایک گھنٹے کا اضافہ کر دیا گیا۔ پولنگ کا عمل صبح 8 بجے شروع ہوا، جو شام 6 بجے تک جاری رہا۔ امن و امان برقرار رکھنے کے لیے سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ پولنگ کے عمل میں پچھلے انتخابات کی نسبت کم تعداد میں لوگوں نے حصہ لیا اور ووٹ ڈالنے کی شرح بھی پہلے سے کم رہی۔ الیکشن کمیشن نے سوشل میڈیا رپورٹس پر کوٹلی میں دو پریذائیڈنگ افسران کے خلاف سخت نوٹس لیا۔ پریذائیڈنگ افسران پولنگ سٹیشن پہنچنے کے بجائے نجی رہائش گاہ چلے گئے تھے۔ الیکشن کمیشن نے دونوں پریذائیڈنگ افسران کو گرفتار کروا کے حوالات میں بند کرا دیا۔ بھمبر میں دورانِ پولنگ دربار بابا شادشہید کے پولنگ سٹیشن پر ہنگامہ آرائی کے دوران شرپسندوں نے بیلٹ باکس چھین کر اسے آگ لگا دی۔ ڈی آر او کے مطابق جس بیلٹ باکس کو آگ لگائی گئی، اس میں 232 ووٹ تھے۔ حلقہ نکیال میں پولنگ کے دوران پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں پیپلز پارٹی کا کارکن مختار یونس خان جاں بحق، جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے۔ بلاول بھٹو نے کارکن کے قتل پر کہا کہ اطلاع ہے کہ فائرنگ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی جانب سے کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ متنازعہ مینڈیٹ والی حکومت مسائل حل نہیں کر سکے گی۔ دوسری جانب مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ یہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ ہے۔ اس ایک واقعے کے سوا کوئی بڑا واقعہ نہیں ہوا اور مجموعی طور پر آزاد کشمیر میں پولنگ کے لیے انتظامات اچھے کیے گئے۔ رانا ثناء اللہ نے ایل اے 10 کوٹلی میں مبینہ طور پر پریذائیڈنگ افسران اور ایک پٹواری کے پیپلز پارٹی کے امیدوار چودھری یاسین کے گھر سے پولنگ بیگز سمیت پکڑے جانے کے دعوے پر سخت ردِعمل دیتے ہوئے فوری تحقیقات اور انتخاب روکنے کا مطالبہ کیا تھا۔ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے مختلف حلقوں میں انتخابی بے ضابطگیاں تشویشناک ہیں۔ نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ شکست کے خوف سے مسلم لیگ (ن) جان بوجھ کر آزاد کشمیر کے انتخابی عمل کو متنازعہ بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ ن لیگ اوچھے ہتھکنڈوں سے عوامی مینڈیٹ نہیں چھین سکتی۔ ندیم افضل چن نے کہا کہ کوٹلی میں ن لیگ والے بیلٹ پیپرز پر ٹھپے لگاتے رہے۔ آزاد کشمیر میں پہلے مرحلے کے انتخابات ہوئے ہیں، جبکہ دوسرا اور تیسرا مرحلہ ابھی باقی ہے۔ گویا ہر پارٹی کے لیے اب بھی موقع موجود ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی طرف سے گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی کا مینڈیٹ کھلے دل سے تسلیم کیا گیا۔ امید کی جانی چاہیے کہ آزاد کشمیر میں بھی ہارنے والی پارٹی جیتنے والی جماعت کا مینڈیٹ تسلیم کرے گی۔ جمہوریت میں اختلافات ہوتے رہتے ہیں اور اختلافی بیانات بھی آتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی جانب سے ایک دوسرے پر الزامات لگانا دونوں جماعتوں کو اس لیے بھی زیب نہیں دیتا کہ یہ مرکز اور گلگت بلتستان کی حکومتوں میں اتحادی ہیں۔ انہیں آزاد کشمیر کے انتخابات میں باہمی محاذ آرائی کو اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے کہ کشمیر میں امن و امان کی صورتحال مزید خراب ہو اور بھارت کو اپنی سازشیں بڑھانے کا موقع ملے۔ ایک دوسرے کے مینڈیٹ کو خوش دلی سے قبول کرنا ہی جمہوری روایت کا تقاضا ہے

دل میں جھانکنے کی دعوت!

رات اپنی آخری سانسیں لے رہی تھی۔ آسمان پر ستارے خاموش تھے، ہوا درختوں سے سرگوشیاں کر رہی تھی، اور ایک شخص تنہائی میں اپنے رب کے حضور سجدہ ریز تھا۔ اسی لمحے ایک اور جنگ بھی جاری تھی، ایسی جنگ جس میں نہ تلواریں تھیں، نہ بارود اور نہ شور۔ یہ جنگ انسان کے دل کے اندر لڑی جا رہی تھی۔ ایک آواز اسے اللہ کی طرف بلا رہی تھی اور دوسری خواہشات کی طرف کھینچ رہی تھی۔ یہی خاموش معرکہ دراصل انسان کی زندگی ہے اور اسی کا نتیجہ اس کی دنیا اور آخرت کا فیصلہ کرتا ہے۔ برصغیر کی روایات، خانقاہوں اور لوک داستانوں میں ایک پُراسرار کردار کا ذکر ملتا ہے جسے ہمزاد کہا جاتا ہے۔ کسی نے اسے انسان کی دوسری روح کہا، کسی نے جنات کا ساتھی اور کسی نے غیب تک رسائی کا ذریعہ قرار دیا۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ تصور اس قدر عام ہوا کہ بہت سے لوگوں نے اسے دینی حقیقت سمجھ لیا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اسلام واقعی یہی تعلیم دیتا ہے کیا قرآن مجید نے ہمزاد کا تصور پیش کیا ہے یا یہ محض روایات اور قصوں کا نتیجہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن مجید ہمزاد نہیں بلکہ قرین کا ذکر کرتا ہے، اور یہی فرق پورے تصور کو بدل دیتا ہے قرین شیطان ہوتا ہے۔ اسلام انسان کو پُراسرار کہانیوں میں اُلجھانے کے بجائے نفس کی اصلاح اور اللہ سے تعلق مضبوط کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ قرآن کے نزدیک اصل معرکہ کسی پوشیدہ مخلوق کو تلاش کا نہیں بلکہ اپنے نفس اور شیطانی وسوسوں کو پہچاننے کا ہے۔ اللہ تعالیٰ سورۂ زخرف میں ارشاد فرماتا ہے اور جو شخص رحمان کے ذکر سے غفلت برتتا ہے، ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں، پھر وہی اس کا ساتھی (قرین) بن جاتا ہے۔ (الزخرف: 36)۔ اس آیت میں اصل مرکز شیطان نہیں بلکہ غفلت ہے۔ جب دل اللہ کے ذکر سے خالی ہو جاتا ہے تو شیطانی وسوسے اس خلا کو بھر دیتے ہیں۔ شیطان انسان پر زبردستی مسلط نہیں ہوتا بلکہ وہ اسی وقت اثر انداز ہوتا ہے جب انسان خود غفلت کے ذریعے اپنے دل کے دروازے کھول دیتا ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ تم میں سے ہر شخص کے ساتھ ایک قرین مقرر کیا گیا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ کے ساتھ بھی؟ آپؐ نے فرمایا۔ ہاں، لیکن اللہ تعالیٰ نے میری مدد فرمائی، اسلئے وہ میرے تابع ہو گیا۔ (صحیح مسلم) یہ حدیث واضح کرتی ہے کہ قرین انسان کو مجبور نہیں کرتا بلکہ صرف وسوسہ ڈالتا ہے۔ اگر شیطان انسان کو مجبور کرنے کی طاقت رکھتا تو پھر جزا و سزا، حساب و کتاب اور اختیار کا پورا تصور بے معنی ہو جاتا۔ اسلام انسان کو ذمہ دار قرار دیتا ہے، مجبور نہیں۔ امام ابن کثیرؒ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ جب انسان اللہ کے ذکر سے غافل ہوتا ہے تو شیطان اس کا رفیق بن کر اسے حق سے دور رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ امام قرطبیؒ بھی فرماتے ہیں کہ قرین کی طاقت صرف دعوت دینے تک محدود ہے، فیصلہ انسان خود کرتا ہے۔ یہی اللہ کے عدل کا تقاضا ہے کہ جواب دہی بھی اسی کی ہو گی جس نے اپنے اختیار سے راستہ چنا۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں ہمزاد کے نام پر ایسے عقائد اور کہانیاں رائج ہو چکی ہیں جن کی بنیاد نہ قرآن میں ہے اور نہ صحیح احادیث میں۔ بعض لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہمزاد کو قابو کر کے غیب جانا جا سکتا ہے، خزانے معلوم کیے جا سکتے ہیں یا قسمت بدلی جا سکتی ہے۔ اسلام ان تمام دعوؤں کو رد کرتا ہے کیونکہ غیب کا علم صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ ہر وہ آواز جو انسان کو اللہ سے بے نیاز کرے، خواہ کتنی ہی روحانیت کیوں نہ دکھائی دے درحقیقت فریب ہے قرآن انسان کو غیب کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اپنے دل میں جھانکنے کی دعوت دیتا ہے۔ اصل سوال یہ نہیں کہ میرے ساتھ کون ہے بلکہ یہ ہے کہ میرے دل کی رہنمائی کون کر رہا ہے۔ سورہ ق میں قیامت کا منظر بیان کرتے ہوئے قرآن بتاتا ہے کہ اس دن قرین بھی موجود ہو گا، مگر وہ کسی کا محافظ یا نجات دہندہ نہیں ہو گا۔ ہر شخص اپنے اعمال کا خود جواب دے گا۔ دنیا میں جن وسوسوں کو ہم معمولی سمجھ کر نظر انداز کرتے ہیں وہی اگر کردار کا حصہ بن جائیں تو انجام کا رخ بدل سکتے ہیں۔ شیطان انسان کا ہاتھ نہیں پکڑتا بلکہ دل میں ایک خیال ڈالتا ہے۔ اگر انسان فوراً اللہ کو یاد کرے تو وہ خیال مٹ جاتا ہے، لیکن اگر اسے جگہ دے، اس پر غور کرے اور پھر اسے درست ثابت کرنے کے لئے دلائل تلاش کرے تو وہی وسوسہ ارادہ بنتا ہے، ارادہ عمل میں بدلتا ہے اور عمل آہستہ آہستہ کردار کا حصہ بن جاتا ہے۔ ہر بڑا گناہ ایک چھوٹے وسوسے سے شروع ہوتا ہے، جبکہ ہر بڑی نیکی ایک سچے ارادے سے۔ اسی لئے رسول اللہؐ نے ذکرِ الٰہی، استغفار اور قرآن کی تلاوت کو مومن کا مضبوط ترین ہتھیار قرار دیا۔ جب دل اللہ کی یاد سے آباد رہتا ہے تو شیطانی سرگوشیاں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ ایمان صرف عقیدہ نہیں بلکہ دل کی حفاظت کا مضبوط قلعہ بھی ہے۔ حضرت یوسفؑ کا واقعہ اس حقیقت کی بہترین مثال ہے۔ گناہ کے تمام اسباب موجود تھے، مگر انہوں نے فرمایا: میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔ یہی وہ لمحہ تھا جب دنیا کو معلوم ہوا کہ شیطان پر فتح طاقت سے نہیں بلکہ تقویٰ سے حاصل ہوتی ہے۔ حضرت عمر بن خطابؓ کا قول بھی ہمارے لئے رہنمائی ہے۔ اپنا محاسبہ کرو، اس سے پہلے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔ جو شخص روزانہ اپنے اعمال کا جائزہ لیتا ہے، وہ اپنے فیصلوں پر شیطانی وسوسوں کو غالب نہیں آنے دیتا۔ آج بھی قرین کا مقصد وہی ہے، البتہ اس کے طریقے بدل گئے ہیں۔ پہلے وسوسے صرف تنہائی میں آتے تھے، آج وہ موبائل کی اسکرین، جھوٹی خبروں، ناجائز دولت کی کشش، شہرت کی خواہش، حسد، تکبر اور بے حیائی کو معمول بنا دینے والے ماحول کے ذریعے بھی دل تک پہنچتے ہیں۔ شیطان نے اپنے ہتھیار نہیں بدلے، صرف ان کا انداز بدل دیا ہے۔ ابلیس کی سب سے بڑی کامیابی انسان کو گناہ گار بنانا نہیں بلکہ گناہ کو معمول اور توبہ کو مؤخر کر دینا ہے۔ اسی لئے اسلام ہر دور میں ایک ہی علاج پیش کرتا ہے: قرآن سے تعلق، نماز کی پابندی، ذکرِ الٰہی، صالح صحبت اور مسلسل محاسبہ نفس، جو دل قرآن کے نور سے روشن ہو، وہاں وسوسے زیادہ

بات کریں، مذاکرات کریں

ہائے وہ کیا زمانے تھے جب بھی ملک میں کوئی بڑا مسئلہ پیدا ہوتا تو سبھی طرف سے اُن کا سیاسی حل نکالنے کی ضرورت پر زور دیا جاتا، پھر گفت و شنید کے بعد کوئی حل نکل بھی آتا۔ اب تو لگتا ہے یہ باتیں خواب و خیال ہو گئی ہیں۔ ہر مسئلے کا حل طاقت یا پھر مقدمے ہیں، کیا اس طرح مسائل حل ہوتے ہیں اب کل ہی کی بات ہے ایک طرف آزاد کشمیر میں انتخابات کا شور و غل تھا اور دوسری طرف مظاہرین پر پولیس کی فائرنگ اور آنسو گیس پھینکنے کی خبریں آ رہی ہیں۔ مصدقہ اطلاعات چونکہ نہیں تھیں، انٹرنیٹ بھی بند تھا اِس لئے افواہیں گردش کرتی رہیں کہ اتنے شہید ہو گئے اور کشیدگی بہت بڑھ گئی۔ میرے ذہن میں کل سے یہ سوال تلملا رہا ہے کہ جن حالات میں انتخابات ہو رہے ہیں اور اُن میں کشمیری عوام کی شمولیت بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔ اُن کے نتیجے میں وہاں حکومت بن بھی گئی تو کیا اُمن آ جائے گا یا یہ ڈھول اُسی طرح بجاتے رہیں گے جیسے ماضی میں بجاتے آئے ہیں۔ یہ سوچ لینا کہ آج جو مسئلہ ہے وہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حل ہو جائے گا پرلے درجے کی حماقت ہے۔ یہ تجربہ ہم نے پاکستان میں آٹھ فروری کے انتخابات کو زبردستی منوا کر دیکھ لیا ہے۔ ایک واضح انتشار اور بے یقینی جس نے ملک کو کئی حوالوں سے کمزور کیا ہے صرف معیشت کو لے لیں تو پٹرول و ڈیزل کی مد سے حاصل ہونے والی لیویز پر خزانہ بھرنے کی نوبت آئی ہوئی ہے۔ پٹرولیم کے وزیر بار بار اس حقیقت کو تسلیم کر چکے ہیں کہ ٹیکسوں کا ہدف حاصل نہیں ہو رہا اس لئے لیویز کے ذریعے کام چلایا جا رہا ہے۔ تاریخ کا اصول ہے کہ ہر بار حکومت یا اسٹیبلشمنٹ کی بات ہی نہیں مانی جاتی ہے یہ زمینی حقائق کے خلاف ہے، کچھ باتیں عوام اور اپوزیشن کی بھی ماننی پڑتی ہیں۔ ذرا سوچئے ذوالفقار علی بھٹو اگر اپنے خلاف تحریک کے دِنوں میں کرسی کے ہتھے پر ہاتھ مار کے یہ نہ کہتے کہ میری کرسی محفوظ ہے اور مذاکرات کا راستہ اختیار کر لیتے تو معاملات اُس سطح تک نہ جاتے جہاں تک پہنچنے پر ضیاء الحق کے لئے مارشل لاء لگانا آسان ہو گیا۔ ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں والا معاملہ سیاست میں زہر ثابت ہوتا ہے یہاں تو پہل کرنی پڑتی ہے۔ بالغ نظری یہی ہے کہ مسئلے کی شدت کو بروقت پہچانا ہوتا ہے پانی سر سے گذر جائے تو سوائے ڈوبنے کے اور کوئی آپشن نہیں رہتا۔ بھارت میں حالیہ احتجاج کے دوران اگر مودی شدت کو نہ پہچانتے تو انہیں شاید وزیر کی بجائے اپنے عہدے سے مستعفی ہونا پڑتا۔ کہیں بھی ایک بڑا تماشا لگوانے کے بعد سرنڈر کرنا اس غیر دانشمندی کو ظاہر کرتا ہے جو ناکامی و رسوائی کی بنیاد بنتی ہے۔

بات صرف آزاد کشمیر کی نہیں دیکھا جائے تو پورے ملک میں جہاں جہاں مسائل ہیں اُن کا سیاسی حل نکالنے کی سوچ ناپید نظر آتی ہے۔ بلوچستان میں کیا ایسی سیاسی قوتیں نایاب ہو گئی ہیں جن سے مذاکرات کئے جا سکتے ہیں چلیں مان لیتے ہیں کہ اُن سے مذاکرات نہیں ہو سکتے جنہوں نے ریاست کے اقتدارِ اعلیٰ کو چیلنج کیا ہے لیکن اُن لوگوں سے تو مذاکرات ہو سکتے ہیں، جو بلوچستان کے سیاسی دھڑوں اور جماعتوں کی نمائندگی کرتے ہیں اِس وقت تو یوں لگتا ہے بلوچستان کا سیاسی رابطہ ہم نے خود منقطع کیا ہوا ہے بڑے سے بڑا واقعہ بھی ہو جائے تو ایک دھمکی آمیز بیان ضرور آ جاتا ہے لیکن مفاہمت سے راہ نکالنے کی کوئی آواز سامنے نہیں آتی۔ کیا اس طرح سے معاملات چلتے رہے تو خود بخود حل ہو جائیں گے یا ہمیں کچھ ایسا کرنا ہو گا جو اِس وقت قومی منظر نامے پر غائب ہے۔ یہ نمبروں کی گیم حالات کو مزید بگاڑ رہی حل نہیں کر رہی، بارہ دہشت گرد جہنم واصل ہوں اور اتنے ہی ہمارے جوان شہید ہو جائیں تو اسے کامیابی کی طرف قدم کیسے قرار دیا جا سکتا ہے اس کے لئے تو کوئی اور روزن کھولنا پڑے گا جنہوں نے ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھا لئے ہیں ان کے لئے طاقت کی زبان ہی استعمال ہو گی مگر جنہوں نے اپنے حقوق کی بات کی ہے اور ریاست سے اپنا حق مانگا ہے، اُن سے تو بات ہو سکتی ہے بلکہ کی جانی چاہئے۔ آخر کب تک ہم یہ سمجھتے رہیں گے کہ کوئی معجزہ ہو گا اور ہم ایک صبح ان سارے مسائل سے نجات پا جائیں گے۔ ایسے معاملات میں معجزے نہیں ہوتے بلکہ حکمت عملی کام آتی ہے۔ کہیں صلح حدیبیہ بھی کرنی پڑتی ہے اور کہیں پیچھے ہٹ کر بند راستہ بھی کھولنا پڑتا ہے، جہاں دہشت گردی ہے وہاں حکمت عملی طاقت کو بروئے کار لانے پر مبنی ہونی چاہئے لیکن جہاں صرف احتجاج ہوتا ہے وہاں مذاکرات اور گفتگو کے ذریعے اسے ختم کرنے کی کوشش ناگزیر ہے۔ آزاد کشمیر میں خواہ مخواہ کسی کو دہشت گرد یا غدار کہنے کی پرانی تاریخ دہرانی نہیں چاہئے۔ ایک ایکشن کمیٹی ہے جس کے عہدیدار وہی ہیں جو کل تک آزاد کشمیر میں سیاسی حوالے سے جانے جاتے تھے انہیں دیوار کے اُس پر دھکیلنے کی کیا ضرورت ہے۔ انہیں قریب لایا جائے اور جو مطالبات ہیں اُن پر مذاکرات کی دعوت دی جائے۔ سب کچھ نظر آ رہا ہے اور سب کو معلوم ہو چکا ہے کہ کشمیری کیا چاہتے ہیں کیا سوچ رہے ہیں اتنے بڑے بڑے لیڈروں کے باوجود معاملہ اگر لاٹھی اور آنسو گیس تک آ گیا ہے تو اس پر افسوس ہی کیا جا سکتا

آزاد کشمیر کی الیکشن کمیٹی کو ایک حقیقت مان کر اعلیٰ سطح پر مذاکرات کی دعوت دی جائے تو میرے نزدیک موجودہ حالات میں یہ بہترین پیشرفت ہو گی بلکہ اس سے بھی دو قدم آگے بڑھ کر پاکستان کی سیاسی جماعتوں کا ایک مشترکہ اتحاد ترتیب دے کر اور اُس میں نواز شریف، بلاول بھٹو زرداری، مولانا فضل الرحمن اور تحریک انصاف کو شامل کر کے اگر مذاکرات کا عمل شروع کیا جائے تو اُس کے یقینا مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔ ہمارا ہمیشہ سے بیانیہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے بالکل مختلف رہا ہے۔ یہ مار دھاڑ اور یہ احتجاج کے مناظر ہمارے آزاد کشمیر کی پہچان نہیں رہے۔ پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کو اپنے دِل کے ساتھ رکھا ہے اور کشمیریوں نے بھی پاکستان پر جان چھڑکنے کی سوچ کو پروان چڑھایا ہے۔ یہ کچھ عرصے میں ایسا کیا ہوا کہ کشمیر ایک سیاسی آتش فشاں بنا ہوا ہے۔ اس باریک نکتے کو سمجھ کے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے کہ اب مسلم لیگ (ن) یا پیپلز پارٹی آپس میں طے کر کے معاملات نہیں چلا سکتیں، اب ایک فریق کشمیر کی عوامی ایکشن کمیٹی بھی ہے۔ بھلے یہ وقتی ہو مگر اس وقت وہ کشمیریوں کی نمائندہ ہے۔ اسے اعتماد میں لئے بغیر مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ اسے طاقت سے کچلنے یا توڑنے کی حکمت عملی بھی فائدہ کے بجائے نقصان دے سکتی ہے۔ سیاسی سوچ اپنائی جائے اور آگے بڑھا جائے۔ بات کریں مذاکرات کریں، یہ فارمولا سو فیصد کامیاب ہو گیا، آزمائش شرط ہے۔

تیر ٹیڑھے مگر کام دیئے جاتے ہیں

ہمارے معاشرے میں سب سے محفوظ دفاع وہ ہے جس کا کوئی جواب نہ آئے اور سب سے آسان ملزم وہ ہے جو بول نہ سکے۔ جب کوئی مر جاتا ہے تو اس کی قبر کے ساتھ ایک نیا مقدمہ بھی دفن کر دیا جاتا ہے۔ پھر ہم اس کے کردار، نیت، دماغ اور زندگی کے فیصلے اپنی سہولت کے مطابق لکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے۔ وہ تو ذہنی مریض تھا۔ کوئی کہتا ہے کہ وہ خود قصوروار تھا۔ اور کوئی اتنا مطمئن ہوتا ہے جیسے مرحوم نے مرنے سے پہلے اسے اپنی غلطیوں کی فہرست تھما دی ہو۔ کیونکہ مرنے والا صفائی نہیں دے سکتا۔ وہ عدالت میں کھڑا ہو کر نہیں کہہ سکتا کہ یہ الزام جھوٹ ہے۔ وہ سوشل میڈیا پر جواب در جواب نہیں لکھ سکتا۔ وہ کسی میٹنگ میں اپنی وضاحت پیش نہیں کر سکتا۔ مجھے ایک آفیسر کی بات یاد آتی ہے۔ وہ اکثر کہا کرتے تھے۔ جو اس دفتر سے نکل گیا۔ سارا بوجھ اسی پر ڈال دو۔ اس وقت یہ جملہ صرف دفتری سیاست لگا تھا لیکن بعد میں احساس ہوا کہ شاید ہمارا پورا معاشرہ اسی اصول پر چل رہا ہے۔ جو چلا گیا۔ وہی قصوروار۔ جو خاموش ہے۔ وہی مجرم۔ جو جواب نہیں دے سکتا۔ اسی کے حصے میں تمام الزام۔ اور یوں باقی سب معصوم ہو جاتے ہیں۔ کتنی عجیب بات ہے کہ زندہ لوگوں کی غلطیوں کا بوجھ بھی اکثر مردوں کے کندھوں پر ڈال دیا جاتا ہے۔ کیونکہ مردے احتجاج نہیں کرتے اور خاموش لوگ شور نہیں مچاتے۔ ہم کہتے ہیں کہ خاموشی عافیت ہے۔ مگر شاید حقیقت اس کے برعکس ہے۔ ہمارے معاشرے میں خاموشی عافیت نہیں۔ الزام بن چکی ہے۔ جو خاموش رہا۔ وہ اپنی بے گناہی ثابت نہ کر سکا۔ جو بول نہ سکا۔ اس کے حصے میں ہر وہ قصہ آ گیا جس کا کوئی اور ذمہ دار نہیں بننا چاہتا تھا۔ شاید ہمارے معاشرے میں مرنے کے بعد سب سے پہلے انسان کی لاش کا نہیں۔ اس کے کردار کا پوسٹ مارٹم کیا جاتا ہے۔ ثبوت بعد میں ڈھونڈے جاتے ہیں۔ الزامات پہلے جاری ہو جاتے ہیں اگر کسی کی موت دورانِ حراست ہو جائے تو سوال یہ نہیں اٹھایا جاتا کہ وہ مرا کیسے۔ بلکہ یہ بتایا جاتا ہے کہ وہ تھا کیا۔ گویا اگر کسی پر جرم کا لیبل لگا دیا جائے تو اس کے بنیادی انسانی حقوق بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ اور اس کی موت بھی قابلِ افسوس نہیں رہتی۔ ہمارے ہاں تفتیش اکثر حقیقت تک پہنچنے کا نہیں۔ ایک تیار شدہ کہانی کو سچ ثابت کرنے کا نام بن چکی ہے۔ اگر کوئی زندہ واپس آ جائے تو شاید وہ بہت کچھ بتا دے۔ لیکن اگر وہ مر جائے تو پھر بیان صرف ایک طرف سے آتا ہے۔ اور بدقسمتی سے اسی کو سچ مان لیا جاتا ہے۔ مرنے والے کے جسم پر پڑے زخموں سے زیادہ اس کے نام پر لگائے گئے الزامات کو اہمیت دی جاتی ہے۔

افسوس یہ بھی ہے کہ ہم ہر ایسے واقعہ کو ایک الگ سانحہ سمجھتے ہیں۔ یہ بھی عجیب دستور ہے۔ اگر کوئی کسی تفتیشی ادارے کی تحویل میں مر جائے تو خبر آنے سے پہلے اس کا جرم تیار ہو چکا ہوتا ہے۔ مرنے والا چند گھنٹے پہلے تک ایک شہری ہوتا ہے۔ مگر مرنے کے بعد اچانک ڈاکو، خطرناک ملزم، منشیات فروش یا پولیس پر حملہ کرنے والا قرار دے دیا جاتا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے موت نہیں آتی۔ بلکہ ایک ایسا سرکاری سرٹیفکیٹ مل جاتا ہے جو ہر سوال کو دفن کر دیتا ہے۔ اور جن کے ہاتھوں تفتیش ہوتی ہے۔ وہی تفتیش کے بعد کہانی بھی لکھتے ہیں۔ کہتے ہیں اس نے خود مزاحمت کی۔ خود گر گیا۔ خود زخمی ہوا۔ خود مر گیا۔ عجیب اتفاق ہے کہ ہر بار مرنے والا ہی قصوروار نکلتا ہے اور ہر بار زندہ بچ جانے والے بے قصور۔ ہمارے معاشرے میں شاید سب سے مضبوط گواہی وہ ہوتی ہے جو صرف ایک فریق دے کیونکہ دوسرا فریق تو ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیا گیا ہوتا ہے۔ یہ صرف ایک شخص کا المیہ نہیں۔ بلکہ ایک اجتماعی عادت بن چکی ہے۔ ہم ثبوت مانگنے کے بجائے الزام قبول کر لیتے ہیں۔ اور انصاف سے پہلے فیصلہ سنا دیتے ہیں۔ شاید اسی لیے یہاں مرنے والوں کو انصاف کم اور الزامات زیادہ ملتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے معاشرے میں اکثر سچ کی نہیں، مصلحت کی گواہی چلتی ہے۔ جس کے سامنے خاموشی کو ہمیشہ اعترافِ جرم سمجھ لیا جاتا ہے۔

دل ہوا جان ہوئی ان کی بھلا کیا قیمت
ایسی چیزوں کے کہیں دام دیئے جاتے ہیں

المیہ تو یہ ہے کہ یہ ایک رویہ ہے۔ ایک ایسا رویہ جس میں طاقتور کا مؤقف ثبوت بن جاتا ہے اور کمزور کی خاموشی جرم۔ پھر ہم حیران ہوتے ہیں کہ انصاف پر لوگوں کا اعتماد کیوں کم ہو رہا ہے۔ اعتماد وہاں نہیں مرتا جہاں لوگ مرتے ہیں، اعتماد وہاں مرتا ہے جہاں سوال مر جاتے ہیں۔ اور شاید سب سے بڑا طنز یہی ہے کہ ہم ہر بار کہتے ہیں۔ اگر وہ بے گناہ ہوتا تو بھاگتا کیوں؟ مگر کبھی یہ نہیں پوچھتے کہ اگر نظام بے گناہ ہے تو سوالوں سے گھبراتا کیوں ہے۔ اگر سب کچھ قانون کے مطابق ہوا ہے تو پھر آزاد تفتیش، شفاف تحقیقات اور جواب دہی سے خوف کیسا۔ سچ کو کبھی خاموشی کی ضرورت نہیں پڑتی۔ خاموشی ہمیشہ جھوٹ کی سب سے محفوظ پناہ گاہ رہی ہے۔ بیخود دہلوی کے الفاظ میں

جھوٹ سچ آپ تو الزام دیئے جاتے ہیں
بات سنتے نہیں دشنام دیئے جاتے ہیں
ترچھی نظروں سے کئے اس نے بہت دل زخمی
تیر ٹیڑھے مگر کام دیئے جاتے ہیں

شاید اس لیے ہمیں مرنے والوں سے کم اور زندہ لوگوں کے بیانیوں سے زیادہ ڈرنا چاہیے۔ کیونکہ مرنے والے جھوٹ نہیں بولتے۔ لیکن ان کے بارے میں جھوٹ بولنے والے ہمیشہ زندہ ہوتے ہیں۔



فرمودات قائد

پاکستان کا دستور ابھی بننا ہے اور یہ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی بنائیگی۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس دستور کی ہیئت کیا ہو گی، لیکن اتنا یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ جمہوری نوعیت کا اور اسلام کے بنیادی اصولوں پر مشتمل ہو گا۔

(امریکی نامہ نگار سے انٹرویو فروری 1948ء)

SHEHAR NAMA شہر نامہ

فن و ثقافت

نعیمہ بٹ کے بہت نخرے ہیں اور میں یہ برداشت کرنیوالی ڈائریکٹر نہیں، سنگیتا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ و ڈائریکٹر سنگیتا نے اداکارہ نعیمہ بٹ سے متعلق حیرت انگیز انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں سنگیتا نے ایک انٹرویو دیا جس میں انہوں نے ماضی کے قصوں سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ سینئر اداکارہ نے اپنی فلم مکھو کے حوالے سے بھی گفتگو کی جس دوران انہوں نے اداکارہ نعیمہ بٹ کے بارے میں حیران کن انکشاف کیا۔ سنگیتا نے کہا کہ فلم میں نعیمہ بٹ کو شروع میں کاسٹ کیا تھا لیکن میں نخرے برداشت کرنے والی ڈائریکٹر نہیں ہوں، وہ مجھے کہتی تھیں آپ اس کو ہیرو لے لیجئے، فلاں کام کر لیجئے فلاں کی کاسٹ کر لیجئے تو پھر میں نے کہا بی بی معاف کر دیجئے اور مجھے میری ایڈوانس رقم واپس کر دیجئے پھر نعیمہ بٹ نے میرا ایڈوانس واپس کر دیا۔ سنگیتا نے نعیمہ بٹ کے بارے میں بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ تم ابھی نئی آئی ہو اور مجھے انڈسٹری میں 50 سال ہو گئے ہیں، وہ مجھے مشورہ دے گی یہ تو نہیں ہو سکتا ہے، ڈراموں میں کام کر رہی ہے اچھی بات ہے لیکن فلم میں بہت اچھا رول تھا، ان کے نخروں کی وجہ سے میں نے منع کر دیا، ہم نے اپنے دور میں نخرے نہیں کیے۔

عورتوں کو سب سے پہلے ایک اچھی ماں بننے پر توجہ دینی چاہیے، کنگنا

نیویارک (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکارہ کنگنا رناوت نے معاشرے میں عورت کے کردار سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے گھریلو کام عورت کی ذمے داری قرار دیے ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ اور بی جے پی رکنِ پارلیمنٹ کنگنا رناوت نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اتر پردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل کے خواتین سے متعلق بیان کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''دوسروں کی دیکھ بھال کرنا اور پرورش کرنا تو خواتین کی فطرت میں شامل ہوتا ہے اور دوسروں کی دیکھ بھال کرنا ان کے لیے صرف ذمے داری نہیں بلکہ خوشی اور فخر کا باعث ہے''۔ کنگنا نے ایکس پر گورنر کی تقریر کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ بچپن سے ہی انہیں گڑیوں کے لیے گھر بنانا، ان کے کپڑے سینا اور انہیں کھانا کھلانا پسند تھا، جبکہ ان کا بھائی کرکٹ اور فٹ بال کھیلتا تھا۔ ان کے مطابق، خواتین میں محبت، نگہداشت اور پرورش کا جذبہ قدرتی طور پر موجود ہوتا ہے اور عورتوں کا پہلا فرض ایک اچھی ماں بننا ہے

اپنی والدہ کے اخراجات نہیں اٹھاتی کیونکہ یہ میرا کام نہیں، کومل عزیز

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی اداکارہ کومل عزیز نے والدین کی مالی ذمے داری سے متعلق اپنے بیان کے بعد سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ انسٹاگرام پر مداحوں کے سوال و جواب کے دوران ایک صارف نے پوچھا کہ کیا وہ اپنی والدہ کے اخراجات اٹھاتی ہیں؟ اس پر کومل عزیز نے جواب دیا، ''نہیں، میرا ماننا ہے کہ خاندان کے اخراجات اٹھانا مرد کی ذمے داری ہے داکارہ نے اس موقع پر مالی منصوبہ بندی اور بچت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ''میرے مرحوم والد نے بچت اور سرمایہ کاری کے ذریعے والدہ کو مالی طور پر اتنا مستحکم بنا دیا ہے کہ انہیں اپنے بچوں پر انحصار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔'' اداکارہ کے اس بیان پر سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل سامنے آ رہا ہے۔ بعض صارفین کے مطابق اگر اولاد استطاعت رکھتی ہو تو والدین کی مدد کرنا بیٹے اور بیٹی دونوں کی ذمے داری ہے، جبکہ دیگر نے کومل عزیز کے مؤقف کی حمایت کرتے ہوئے ان کے والد کی دور اندیشی کو سراہا۔ واضح رہے کہ کومل عزیز ان دنوں اداکاری سے دور ہیں

350 کروڑ روپے کا کاروبار، کترینہ کیف بیوٹی انڈسٹری میں بھی کامیاب

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی صفِ اول کی اداکارہ کترینہ کیف نے فلمی دنیا میں کامیابی کے بعد کاروباری میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور ثبوت دے دیا ہے۔ ان کا بیوٹی برانڈ ''کے بیوٹی'' (Kay Beauty) چند ہی برسوں میں بھارت کے نمایاں کاسمیٹک برانڈز میں شامل ہو چکا ہے، جبکہ تازہ مالیاتی اعداد و شمار کے مطابق اس کی فروخت 350 کروڑ بھارتی روپے سے تجاوز کر گئی ہے۔ کترینہ کیف نے 2019 میں بھارت کے معروف بیوٹی ریٹیل پلیٹ فارم نائیکا (Nykaa) کے اشتراک سے اپنا میک اپ برانڈ متعارف کرایا تھا۔ ابتدا میں ناقدین کا خیال تھا کہ اس برانڈ کی مقبولیت صرف اداکارہ کی شہرت تک محدود رہے گی، تاہم وقت کے ساتھ 'کے بیوٹی' نے معیاری مصنوعات اور صارفین کے اعتماد کی بدولت مارکیٹ میں اپنی الگ شناخت قائم کر لی۔ رپورٹس کے مطابق مالی سال 2026 میں اس برانڈ کی مجموعی فروخت تقریباً 350 کروڑ بھارتی روپے تک پہنچ گئی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 46 فیصد زیادہ ہے۔ اس نمایاں اضافے نے ثابت کیا ہے کہ کترینہ کیف نے فلمی شہرت کو کامیاب کاروباری حکمت عملی میں تبدیل کرنے میں بھی کامیابی حاصل کی ہے

بقیہ نمبر 1

سینیٹر منیر احمد ملہوترہ سے فونک گفتگو میں ضروری ہدایات بھی جاری کیں، اُدھر منیر ملہوترہ نے مرکزی نائب صدر مسلم کانفرنس ولی شاہزمان دُرانی کے ہمراہ تحصیل بھر کے تفصیلی دورہ میں کارکنان او روٹرز سے ملاقاتوں کے علاوہ تحصیل گوجرخان کے لگ بھگ 13 انتخابی علاقہ جات کیلئے قائم دونوں پولنگ بوتھ پر انتظامات کو آخری شکل دینے، پولنگ ایجنٹس کے تقرر کیساتھ ساتھ ووٹنگ کے عمل کی پُر امن، احسن اور منظم انداز میں تکمیل اور پولنگ کیمپس میں ووٹرز و کارکنان کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کا بھی تفصیلی جائزہ لیا

بقیہ نمبر 2

پر عمل میں لائی گئی، جس کے دوران ملزم رحیم خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 840,1 گرام چرس برآمد کی گئی۔ دوسری کارروائی میں ملزم اسامہ علی کو گرفتار کیا گیا، جس کے قبضے سے 660,1 گرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف برآمد ہونے والی منشیات قبضے میں لے کر کنٹرول آف نارکوٹک سبسٹینسز ایکٹ کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر لیے ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ نمبر 3

ہر سطح پر ہاکی کو سپورٹ کریں گے ابھی کوریا کی ٹیم پاکستان آئی ہے اس سال کے آخر میں چائنہ کی ہاکی ٹیم بھی پاکستان آرہی ہے، انہوں نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں اسلام آباد ویمن ہاکی ٹیم کو خراج تحسین کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب میں محی الدین وانی، سابق ایم ڈی پی ٹی وی اختر وقار عظیم شریکورلڈ چمپئن اینڈ اولمپئن طاہر زمان، صدر نیشنل پریس کلب عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، فنانس سیکرٹری عابد عباسی اور تقریب کے انعقاد میں اہم کردار ادا کرنے والے سینئر سپورٹس صحافی ناصر اسلم راجہ سمیت خواتین ہاکی کھلاڑیوں اور صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر اور وفاقی سیکرٹری محی الدین وانی کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ ہاکی چیمپئن شپ کے اعلان کے وقت غیر ملکی دورے کی حتمی منصوبہ بندی موجود نہیں تھی، تاہم ٹورنامنٹ کا علم ہونے کے بعد مختصر وقت میں ٹیم تیار کی گئی، سات سے آٹھ دن میں ٹیم کھڑی کر کے مقابلوں میں اتارا گیا جس کے باعث تیاری کے لیے مطلوبہ وقت نہیں مل سکا۔ان کا کہنا تھا کہ ٹیم کی کارکردگی پر تنقید اپنی جگہ، لیکن کھلاڑیوں کو موٹیویشن برقرار رکھنا ہوگی، کھیل میں کبھی ٹیم اوپر جاتی ہے اور کبھی نیچے آتی ہے، تاہم کامیابی کے لیے مسلسل محنت اور کوشش ترک نہیں کی جا سکتی، انہوں نے تجویز دی کہ یکم ستمبر سے آسٹریلین ٹرینر کی خدمات بھی حاصل کی جائیں اور فٹنس ٹریننگ کے پروگرام کو قومی ٹیم کی تیاریوں کا حصہ بنایا جائے، کھلاڑیوں کو ایسی ورزشیں اور ٹریننگ کرائی جائیں گی جن سے ان کی فٹنس بہتر ہو اور انجری کی صورت میں وہ جلد صحت یاب ہو سکیں، انہوں نے کہا کہ ماضی میں کھلاڑیوں کو انجری کے بعد ریکوری میں مشکلات کا سامنا رہا ہے، اس لیے اب فٹنس کے ساتھ ساتھ انجری پریوینشن اور ریکوری پر بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ کھلاڑیوں کے صبح کے ٹریننگ سیشنز کو بھی مانیٹر کیا جائے گا تاکہ معلوم ہو سکے کہ عالمی معیار کی ٹیمیں کس نوعیت کی فٹنس اور اسکل ڈرلز کر رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ عالمی سطح کی ٹیموں اور کوچز کی ٹریننگ ویڈیوز سے بھی فائدہ اٹھایا جائے، یوٹیوب سمیت مختلف پلیٹ فارمز پر دنیا کے بہترین کوچز کے ٹیوٹوریلز دستیاب ہیں، جنہیں دیکھ کر جدید ٹریننگ کے طریقہ کار کو اپنایا جا سکتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ کھلاڑیوں کی غذائی ضروریات کے حوالے سے بھی خصوصی منصوبہ بندی کی جائے گی، ہر کھلاڑی کی ہائٹ اور جسمانی ضرورت کے مطابق پروٹین اور دیگر غذائی اجزا کی مقدار طے کی جائے گی، جبکہ اسٹریچنگ اور دیگر ضروری ایکسرسائزز کو بھی ٹریننگ پروگرام میں شامل کیا جائے گا، انہوں نے یقین دلایا کہ قومی ہاکی ٹیم کو عالمی معیار کی تیاری کے لیے وسائل کی کمی نہیں ہونے دی جائے گی۔ اگر کسی ایک ذریعے سے مطلوبہ وسائل دستیاب نہ ہوئے تو متبادل ذرائع تلاش کیے جائیں گے، لیکن کھلاڑیوں کی تیاری پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ مقصد قومی ٹیم کو مضبوط بنانا اور اسے عالمی سطح پر بہتر کارکردگی کے قابل بنانا ہے، جس کے لیے حکومت، متعلقہ اداروں، کوچز اور کھلاڑیوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ صرف میچ کھیلنا کافی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کی ریکوری، آرام، نیند اور فٹنس سائیکل کو بھی باقاعدہ مانیٹر کرنا ہوگا۔ عالمی سطح کے کھلاڑیوں کی طرح ہمارے کھلاڑیوں کو بھی یہ سکھانا ہوگا کہ میچ کے بعد ریکوری کیسے کی جاتی ہے اور اگلے مقابلے کے لیے جسم کو کس طرح تیار رکھا جاتا ہے۔ محی الدین وانی نے قومی ٹیم میں منتخب ہونے والی اسلام آباد کی کھلاڑی صائع گلفام سمیت دیگر کھلاڑیوں کو بھی خصوصی ہیٹ پہنا کر ان کی حوصلہ افزائی بھی کی۔

بقیہ نمبر 4

النبی ﷺ کانفرنسز بھر پور طریقے سے منعقد کرنے کا اعلان۔ 12 روزہ آل پاکستان جشن عید میلاد النبی ﷺ کانفرنس کے سلسلے میں علمائے کرام کے منعقدہ مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پیر سرکار جی نے کہا کہ میلاد شریف کی محافل عالمی سطح پر دنیا کو پیغام دیتی ہیں کہ مسلمان امن پسند ہیں میلاد کی برکات سے آفات و بلیات اور غم و پریشانیوں کا خاتمہ ہوتا ہے، آج ضرورت اس امر کی کہ اتباع رسول ﷺ میں زندگیاں بسر کرنے کا عہد کیا جائے۔ نجات کا واحد ذریعہ اور راستہ حضور نبی کریم ﷺ کی غلامی اور اتباع ہے۔اجلاس میں علامہ حافظ سعید اختر صدیقی، علامہ طاہر اقبال چشتی، حافظ محمد اقبال رضوی، صاحبزادہ سعد الرحمن، ڈاکٹر محمد افضل علوی، صاحبزادہ پیر عظمت سلطان، DSP رانا محمد نعیم یسین، علامہ سید جہانگیر شاہ سعیدی، پیر محمد یسین سیفی، قاری اللہ بخش نقشبندی، شیخ اعظم خورشید، غلام علی خان، قاری محمد اسحاق نورانی، قاری محمد ثاقب سلطانی، حافظ محمد آفتاب ودیگر متعدد علمائے کرام نے شرکت کرتے ہوئے مختلف تجاویز دیں اور کہا کہ 12 روزہ آل پاکستان جشن عید میلاد النبی ﷺ کانفرنس فروغ عشق رسول ﷺ میں اپنا کردار احسن طریقے سے ادا کر رہی ہیں اس ثابت قدمی اور جرات واستقامت پر پیر سرکار جی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی دینی اور روحانی خدمات کو سراہتے ہوئے اُن کے ساتھ مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہیں

بقیہ نمبر 5

تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ اقلیتی طلبہ کے لیے مختص 2 فیصد تعلیمی کوٹے پر عملدرآمد کے حوالے سے جامع کمپلائنس رپورٹ جاری کی جائے تاکہ پالیسی کے مؤثر نفاذ کا جائزہ لیا جا سکے اور موجودہ خامیوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔ اس موقع پر وفد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریاستی اداروں اور سول سوسائٹی کے باہمی تعاون سے ایسے اقدامات کو فروغ دیا جانا چاہیے جو پاکستان میں تمام شہریوں کے لیے مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور شمولیتی طرزِ حکمرانی کو مزید مضبوط بنائیں۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے وفد کی تجاویز کو توجہ سے سنا اور اقلیتی برادری سے متعلق امور پر مثبت پیش رفت اور متعلقہ اداروں کے ساتھ ضروری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 6

حکمت عملی پر مسلسل عمل پیرا ہے۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی پنجاب میں سیاسی اثر ورسوخ بڑھانے کے لیے خوف اور عدم تحفظ کی فضا پیدا کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ماضی کی طرح حالیہ واقعات کے بعد بڑے پیمانے پر سکیورٹی فورسز کی تعیناتیاں اور کالے قوانین کا بے دریغ استعمال سیاسی دباؤ بڑھانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق رواں سال 5 اور 6 مئی کو پنجاب میں دو دھماکے ہوئے۔ پہلا واقعہ جالندھر میں بی ایس ایف ہیڈکوارٹر کے قریب پیش آیا، جبکہ دوسرا دھماکہ امرتسر کی فوجی چھاؤنی کی بیرونی دیوار کے قریب ہوا۔ ان واقعات میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکوں کے بعد پنجاب میں سکیورٹی فورسز کی اضافی تعیناتیاں کی گئیں، جن میں بی ایس ایف، آئی ٹی بی پی اور آر اے ایف کے اہلکار شامل تھے۔ ناقدین کے مطابق بار بار بڑے پیمانے پر سکیورٹی اقدامات سے ریاست میں ایک ایسا ماحول پیدا کیا جا رہا ہے جس میں عام شہریوں کو مسلسل خوف اور دہشت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق پنجاب میں ماضی میں بھی سکیورٹی اقدامات کے نام پر کالے قوانین، چھاپوں اور گرفتاریوں پر تنقید کی جاتی رہی ہے۔ ان کے مطابق نوجوانوں، کارکنوں اور حکومت مخالف آوازوں کو بعض اوقات کالے قوانین کے تحت نشانہ بنایا جاتا ہے، جبکہ اختلاف رائے کو قومی سلامتی کے معاملات سے جوڑنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ بی جے پی کے بعض حلقے پنجاب میں عام آدمی پارٹی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ریاست میں مزید مرکزی مداخلت کا مطالبہ کرتے رہے ہیں۔ ناقدین کے مطابق اس طرح کے اقدامات پنجاب کے سیاسی اور سماجی ماحول میں تقسیم کو بڑھا سکتے ہیں۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ سکیورٹی خدشات سے نمٹنے کے بجائے انہیں سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا جمہوری اقدار اور شہری آزادیوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ امن وامان کے مسائل کا حل شفاف تحقیقات، قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کی بحالی میں ہے، نہ کہ خوف کی فضا پیدا کرنے میں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام امن، سیاسی حقوق اور سماجی ہم آہنگی چاہتے ہیں، جبکہ کسی بھی مصنوعی بحران یا غیر ضروری دباؤ سے ریاست میں بے چینی مزید بڑھ سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 7

نے خزینہ بانڈہ چیک پوسٹ پر بھاری اور خودکار ہتھیاروں سے حملہ کیا، دہشت گردوں نے حملے کے آغاز میں گورنمنٹ سکول خزینہ میں قائم پولیس پوسٹ پر ڈرون حملہ کیا، ڈرون حملے میں دو پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ متن میں کہا گیا کہ پولیس نفری ڈی ایس پی کی قیادت میں روانہ ہوئی، راستے میں دہشت گردوں نے ڈرون اور بھاری ہتھیاروں سے نشانہ بنایا، دہشت گردوں کی فائرنگ سے سرکاری گاڑیوں اور اے پی سی کو نقصان پہنچا۔ ایف آئی آر میں مزید کہا گیا کہ دہشت گرد پولیس کا اسلحہ بھی ساتھ لے گئے، حملے کے بعد علاقے میں سرچ اور کلیرنس آپریشن کیا گیا، واقعے کی مزید تفتیش سی ٹی ڈی کوہاٹ نے شروع کر دی۔ پولیس حکام کے مطابق ہنگو حملے میں مجموعی طور پر 11 پولیس اہلکار شہید اور 28 زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 8

کارکنوں نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر شہریوں سے 7 اگست کے احتجاج میں بھرپور شرکت کی اپیل کی۔ امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا اس موقع پر کہا کہ حکومت نے پٹرولیم لیوی، بجلی، گیس اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے، بے تحاشا ٹیکسوں اور عوام دشمن معاشی پالیسیوں کے ذریعے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ مہنگائی نے ہر طبقہ فکر کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے جبکہ حکمران عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں۔ امیر اسلام آباد نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی کال پر 7 اگست کا احتجاج پاکستان میں پرامن سیاسی مزاحمت کا تاریخی دن ثابت ہوگا۔ اسلام آباد کی شاہراہوں پر وکلاء، اساتذہ، تاجر، طلبہ، مزدور، خواتین، نوجوان اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شہری مہنگائی، پٹرولیم لیوی، ظالمانہ معاشی پالیسیوں اور بے تحاشا ٹیکسوں کے خلاف بھرپور عوامی احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔ عوام کا یہ اجتماع حکمرانوں کو واضح پیغام دے گا کہ معاشی استحصال اور عوام دشمن پالیسیوں کو مزید قبول نہیں کیا جائے گا۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے اسلام آباد کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ 7 اگست کو گھروں سے نکلیں، اپنے اہل خانہ اور ساتھیوں کے ہمراہ احتجاج میں شریک ہوں اور عوامی حقوق، سستی توانائی اور معاشی انصاف کی اس جدوجہد کا حصہ بنیں

بقیہ نمبر 9

مسلسل ذہنی دباؤ کو جنم دیتا ہے، جو بعد ازاں ڈپریشن، اینزائٹی، غصے، خوف اور مایوسی کی شکل اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت نفسیاتی معاونت نہ ملنے کی صورت میں یہ مسائل جسمانی بیماریوں، سماجی تنہائی اور خاندانی تنازعات کا سبب بھی بن سکتے ہیں۔ ماہر نفسیات اور فاؤنٹین ہاؤس میں پچھلے 20 برس سے بطور سائیکاٹرک سوشل ورکر و ڈائریکٹر ہیومن ریسورس خدمات انجام دینے والی ڈاکٹر عائشہ عمران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور افلاس ذہنی بیماریوں کے پھیلنے اور ان کے شدید ہونے میں بنیادی عوامل کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عائشہ کا کہنا تھا کم آمدنی والے طبقے میں زندگی کے صدمات اور معاشی مشکلات ذہنی بیماریوں کو متحرک کرتی ہیں، جبکہ ان کے پاس فیملی سپورٹ کی بھی شدید کمی ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 10

تبادلوں اور پرامن تعلقات کا خواہاں ہے، تاہم موجودہ بھارتی قیادت کی پالیسیاں جنوبی ایشیا میں کشیدگی کو بڑھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب پاکستان اور بھارت کے درمیان ثقافتی تبادلے، فنکاروں کی آمدورفت، کرکٹ، موسیقی اور عوامی روابط فروغ پا رہے تھے لیکن موجودہ بھارتی حکومت کے دور میں یہ تمام سرگرمیاں تقریباً ختم ہو گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت کی قدیم تہذیب اور مہاتما گاندھی اور جواہر لال نہرو جیسے رہنماؤں کا احترام کرتا ہے، تاہم موجودہ بھارتی قیادت کی مسلمانوں اور پاکستان کے حوالے سے پالیسیاں بھارت کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ ایک بڑی طاقت ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ اپنے ہمسایہ ممالک پر دباؤ ڈالا جائے، بھارت کو اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات کا جائزہ لینا چاہیے اور خطے میں کشیدگی کے بجائے تعاون کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے سندھ طاس معاہدے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے لیے پانی زندگی اور زراعت کا بنیادی ذریعہ ہے، اس لیے پانی کو سیاسی ہتھیار نہیں بنایا جانا چاہیے۔ ان بین الاقوامی معاہدوں کا احترام اور ان پر نیک نیتی سے عمل ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 11

"را" کے 2 دہشتگردوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سی ٹی ڈی حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان عبدالعزیز اور ولایت شاہ پشاور کے رہائشی ہیں، ملزمان سے 4 کلو بارودی مواد، 3 آئی ای ڈیز اور 3 کلاشنکوف برآمد ہوئے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق ملزمان ساہیوال اور اوکاڑہ میں دہشتگردی کرنا چاہتے تھے، ملزمان سے کیش اور دہشتگردی کا سامان قبضے میں لیکر مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 12

، جہاں اچانک رہائشی عمارت منہدم ہوئی۔ عمارت گرنے کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا اور مقامی افراد نے فوری طور پر امدادی اداروں کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں، فائر بریگیڈ اور دیگر امدادی اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور ملبے میں پھنسے افراد کو نکالنے کے لیے کارروائیاں شروع کر دیں۔ حکام کے مطابق امدادی ٹیموں نے پوری رات سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری رکھا، جس کے دوران متعدد افراد کو ملبے سے نکالا گیا۔ مقامی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ چند افراد کے اب بھی ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ہے، اس لیے بھاری مشینری اور خصوصی ریسکیو آلات کی مدد سے امدادی کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ حکام نے واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں، جبکہ متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ ریسکیو آپریشن مکمل ہونے کے بعد ہی جانی و مالی نقصان کی حتمی تفصیلات سامنے آسکیں گی

بقیہ نمبر 13

کا تکنیکی وفد 26 سے 30 جولائی 2026 تک سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے سرکاری دورے پر رہا جس کی قیادت نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کے چیئرمین جسٹس محمد علی مظہر نے کی، وفد میں سپریم کورٹ کے انفارمیشن ٹیکنالوجی سیکشن کے افسران شامل تھے۔ پاکستانی وفد نے سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے سینئر حکام سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں، وفد نے جسٹس لیو گوئی شیانگ، ڈائریکٹر ڈوان ٹونگ کیپن، ہی فان اور چن جی وی سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا، چینی حکام نے ٹیکنالوجی پر مبنی عدالتی نظام، مقدمات کے انتظام اور عدالتی نظم و نسق کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ وفد نے فاؤنسس ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کمپنی اور پبلشنگ ہاؤس کے حکام سے بھی ملاقاتیں کیں، جبکہ لیگل انفارمیشن ایڈجسٹمنٹ اچیومنٹ پریزنٹیشن ہال اور ڈیجیٹل کورٹ لیبارٹری کا دورہ کیا، بیجنگ انٹرنیٹ کورٹ اور شی چینگ ڈسٹرکٹ کورٹ کے لٹیگیشن سروس ہال کا بھی معائنہ کیا

بقیہ نمبر 14

راجا عمران راجا ساجد شاہ ٹی وی کے اونر ساجد حسین شاہ برمنگھم یو کے نے کی مذکورہ تقریب میں راولپنڈی اسلام آباد کے نامور سینئر ترین اداکاروں نے شرکت کی اس موقع پر راجاز انٹرٹیمنٹ راولپنڈی کے روح رواں سابق ایگزیکٹو پروڈیوسر فاروق عباس راجا نے دو انٹرنیشنل فلمز تین ڈرامہ سیریلز متعدد ٹیلی فلمز کا اعلان کیا تو فنکاروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی مذکورہ پراجیکٹس کا معاہدہ راجاز انٹرٹیمنٹ اور سیون سٹوڈیو امریکہ کے مابین طے پا گیا ہے انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ مذکورہ پراجیکٹس میں راولپنڈی اسلام آباد کے فنکاروں کو کام دیا جائے گا اس موقع پر معروف صحافی شخصیت کالم نگار مشتاق اعوان کو راجاز انٹرٹیمنٹ اور سیون سٹوڈیو امریکہ کے انٹرنیشنل پروجیکٹس کا میڈیا کوآرڈینیٹر منتخب کر لیا گیا مذکورہ تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں میں سینئر پی ٹی وی آرٹسٹ ہاشم بٹ انجم حبیبی کامیڈی کنگ شہزادہ غفار فخر پوٹھوہار حمید بابر ملکہ پوٹھوہار شہناز خان لکھاری ظہیر چوہدری انجم ملک معروف آرٹسٹ سنگر روبینہ قریشی معروف ٹک ٹاکر نور علی معصومہ شاہ رانا خلیق لکھاری ایم الیاس اعوان لکھاری مظہر ملک سلیم شاہ سمیرا راجپوت لیاقت شاہ جھلک علی انجم عباسی نزاکت ناز امانت مرزا سنگر نصیر خواجہ اینکر دانش رانا نگہت بٹ سویرا شہزادی کومل شہزادی شبیر شاہ سیما جٹ عمران رشدی حلیم شیخ سلیم رضا کیمرہ مین علی واحد بابر راحیل راجا طاہر بہبود دیگر شامل تھے کیمرہ مین کے فرائض میڈیا پرسن نعیم راجا نے سر انجام دیئے آخر میں کیک کاٹا گیا اور مہمانوں کی پرتکلف ڈنر سے تواضع کی گئی

بقیہ نمبر 15

کرنے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔ سیمینار سے ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین، ایس ایچ او ویمن پولیس اسٹیشن مصباح شہباز اور ایس ایچ او تھانہ انڈسٹریل ایریا اشتیاق شاہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے طالبات کو ذاتی تحفظ، محفوظ طرزِ عمل، مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال میں متعلقہ اداروں سے فوری رابطہ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے کہا کہ خواتین اور طالبات کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے طالبات کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول سے باخبر رہیں، اجنبی افراد پر بلاوجہ اعتماد نہ کریں اور کسی بھی مشکوک صورتحال کی فوری اطلاع پولیس کو دیں۔ ایس ایچ او ویمن پولیس اسٹیشن مصباح شہباز نے خواتین کو پولیس سے رابطے کے طریقہ کار اور خواتین کیلئے دستیاب سہولیات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بروقت رپورٹنگ سے پولیس مؤثر کارروائی کر سکتی ہے۔ سیمینار کے اختتام پر شرکاء نے اسلام آباد پولیس کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے خواتین اور طالبات میں تحفظ کا شعور اجاگر کرنے کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا

بقیہ نمبر 16

شرکت کی اور اپنے دلوں کو ذکر و فکر اور محبت رسول ﷺ سے منور کیا، اس موقع پر رکن مرکزی مجلس شوریٰ دعوت اسلامی حاجی وقار المدینہ عطاری نے عشق رسول ﷺ کے موضوع پر سنتوں بھرا اور ایمان افروز بیان کرتے ہوئے کہا کہ مسلمان کی حقیقی کامیابی اللہ تعالیٰ کی رضا اور حضور نبی کریم ﷺ کی اطاعت و محبت میں ہے۔ ہمیں اپنی زندگیوں کو سنت رسول ﷺ کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرنی چاہیے اور اپنی ذات کے ساتھ ساتھ اپنے اہل خانہ اور معاشرے میں بھی نیکی، نماز اور سنتوں کے ماحول کو فروغ دینا چاہیے۔ ربیع الاول کا مہینہ ہمیں حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ، آپ ﷺ کی تعلیمات اور سنتوں پر عمل کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ محبت رسول ﷺ کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنی زندگیوں میں نیک اعمال کو اپنائیں، نماز کی پابندی کریں، گناہوں سے بچیں اور دین کی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ بیان کے دوران اجتماع میں موجود کثیر تعداد میں اسلامی بھائیوں نے نہایت جذبے اور عزم کے ساتھ کھڑے ہو کر پانچ وقت کی نماز کی پابندی کرنے، داڑھی رکھنے اور دعوت اسلامی کے دینی کاموں میں بھرپور شرکت کرنے کا عزم کیا، اس موقع پر اجتماع کا ماحول انتہائی رقت انگیز اور روحانی کیفیت سے معمور ہو گیا اور شرکائے اجتماع نے اپنے عزم کا اظہار کرتے ہوئے نیکی اور دینی اعمال کو اپنی زندگی کا حصہ بنانے کا ارادہ کیا۔ استقبالِ ربیع الاول کے سلسلے میں منعقدہ اس اجتماع کا مقصد مسلمانوں کو سیرت مصطفیٰ ﷺ سے وابستہ کرنا، سنتوں پر عمل کی ترغیب دینا اور معاشرے میں نیکی و بھلائی کے پیغام کو عام کرنا تھا۔ اجتماع میں شرکاء نے دعوت اسلامی کی جانب سے دینی و اصلاحی سرگرمیوں اور سنتوں کی ترویج کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو بھی سراہا۔ اجتماع کے اختتام پر ملک وملت کی سلامتی، امن و استحکام، امتِ مسلمہ کی سربلندی، دینِ اسلام کی ترویج و اشاعت اور تمام مسلمانوں کی بخشش و مغفرت کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ شرکائے اجتماع نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی زندگیوں میں سنت رسول ﷺ کو اپنانے اور دین کے پیغام کو عام کرنے کے لیے اپنی استطاعت کے مطابق بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 17

کی خصوصی ہدایات پر زونل ایس پیز کی نگرانی میں یہ آپریشنز کیے گئے۔ دورانِ آپریشن غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے مختلف بور کے دو پسٹول بمعہ ایمونیشن بھی برآمد کیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس جرائم پیشہ عناصر قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں تاکہ پولیس بروقت کارروائی کر سکے

بقیہ نمبر 19

الطاف نے ملک محبوب حسین کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک محبوب حسین کی مرکزی انجمن تاجران کے سینئر نائب صدر اور کریانہ ایسوسی ایشن کے صدر کے طور پر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا تاجروں کے مسائل حل کرنے میں انہوں نے تاریخی کردار ادا کیا مرحوم با اخلاق نماز روزے کے پابند انسان تھے انہوں نے اپنی زندگی نہ صرف تاجروں بلکہ زندگی کے کسی بھی شعبہ سے متعلق لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے وقف کر رکھی تھی اجلاس میں تلاوت قران مجید حافظ محمد رمضان نے کی نعت رسول مقبول کی سعادت ماجد حبیب نے حاصل کی عہدہ داران سے شیخ الطاف نے حلف لیا اسپیج سیکرٹری کے فرائض ماجد حبیب احمد وارشد محمود نے ادا کیے جب کہ نئی منتخب تنظیم کے لیے درج ذیل عہدیداران کا چناؤ کیا گیا سرپرست اعلیٰ شیخ محمد الیاس چیف کوارڈینیٹر اختشام الطاف چیئرمین ماجد حبیب احمد وائس چیئرمین شہزاد قریشی صدر حاجی شیخ سرفراز احمد جنرل سیکرٹری شیخ ارشد محمود سینئر نائب

صدور پہلوان محمد اسلم شیخ ماجد ملک عدنان شہود عمران عمر دراز قریشی راجہ آصف عطاری راجہ محمد شفیق نائب صدور مبین مغل مرزا شاہد حاجی کامران شہزاد ولی خان شیخ محمد فہیم فضل کھوکھر بابو اشتیاق وسیم سجاد قریشی ایڈیشنل سیکرٹری آصف خوشی محمد پریس سیکرٹری شیخ آصف اور فنانس سیکرٹری بلال حبیب۔

بقیہ نمبر 20

مطابق سوسائٹی کے رکن چوہدری محمد افضل ساجد نے 2017 میں جوائنٹ رجسٹرار کو درخواست دی تھی، جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ 2015 تا 2018 کی انتظامیہ نے سوسائٹی کے بائی لاز کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اے جی ایم، آر ڈی اے اور رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز کی منظوری کے بغیر کمرشل پلاٹوں پر آٹھ دکانیں تعمیر کیں اور انہیں انتہائی کم کرائے پر اپنے من پسند افراد کو الاٹ کر دیا، جس سے سوسائٹی کو مالی نقصان پہنچ رہا ہے۔ جوائنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز راولپنڈی نے 10 جون 2026 کو جاری کیے گئے اپنے تفصیلی فیصلے میں قرار دیا کہ انتظامیہ کا یہ اقدام سوسائٹی کے بائی لاز، بالخصوص بائی لا نمبر 34، کی صریح خلاف ورزی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ اس غیر قانونی اقدام کے باعث سوسائٹی کو ماہانہ 640,117 روپے کا مالی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ فیصلے میں 2015 تا 2018 کی مینیجنگ کمیٹی کو اس غیر قانونی عمل کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے موجودہ انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 15 روز کے اندر ذمہ داران کے خلاف ریکوری اور قانونی کارروائی کا آغاز کرے۔ یاد رہے کہ اس معاملے کی پیروی سوسائٹی کے رکن چوہدری محمد افضل ساجد گزشتہ آٹھ برس سے کر رہے تھے، جس کے بعد اب جوائنٹ رجسٹرار کے فیصلے نے ان کے مؤقف کی توثیق کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 21

ہیں، ملک کی ترقی کے لیے ہم گزشتہ سات سال سے یہ کہہ رہے ہیں کہ ملک میں پارلیمانی نظام ناکام ہو گیا ہے جتنے ڈویژن ہیں اتنے انتظامی یونٹ بنا کر صدارتی نظام لایا جائے اور ملک سے تعصب کا خاتمہ کیا جائے

بقیہ نمبر 22

گئے 2 موبائل فون، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ نیوٹاؤن پولیس نے 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے ایک مسروقہ رکشہ، 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں، چھینی گئی رقم اور اسلحہ برآمد کیا۔ بنی پولیس نے 4 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے ایک مسروقہ رکشہ، 2 مسروقہ موٹر سائیکلیں، چھینے گئے 2 موبائل فون، نقدی اور اسلحہ برآمد کیا۔ رتہ امرال پولیس نے 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 3 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور نقدی برآمد کر لی۔ ایس پی راول کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 23

فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت تھانہ گوجرخان میں مقدمہ درج کرا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی آفیسر سروش یوسف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ 15 جولائی کو خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے وارڈ نمبر 01 گوجرخان میں قائم MK Brand Dairy Processing Unit پر چھاپہ مارا، جہاں سے بڑی مقدار میں مکھن، بناسپتی گھی اور پیکنگ کا سامان برآمد ہوا۔ موقع سے حاصل کیے گئے نمونے تجزیے کے لیے لیبارٹری بھجوائے گئے۔ گزشتہ دنوں موصول ہونے والی لیبارٹری رپورٹ میں یہ انکشاف ہوا کہ تیار کیا جانے والا مکھن خالص نہیں بلکہ اس میں بناسپتی گھی کی ملاوٹ کی جا رہی تھی، جبکہ خمیر کی مقدار بھی مقررہ معیار سے تجاوز کر چکی تھی، جو انسانی صحت کے لیے نقصان دہ قرار دی گئی۔ تحقیقات کے دوران مزید انکشاف ہوا کہ مذکورہ یونٹ میں تیار ہونے والے مکھن پر Lyallpur Butter اور Tazo Butter کے نام سے جعلی لیبل لگا کر اسلام آباد اور فیصل آباد کے پتے درج کیے جاتے تھے، تاکہ مصنوعات کو معروف برانڈز کا تاثر دے کر مختلف شہروں کی مارکیٹوں میں فروخت کیا جا سکے۔ فوڈ اتھارٹی حکام نے موقع پر موجود 425 کلوگرام ملاوٹ شدہ مکھن تلف کر دیا، جبکہ یونٹ کے مالک ایم آصف کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت گزشتہ روز تھانہ گوجرخان میں مقدمہ درج کرا دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مزید تحقیقات جاری ہیں اور اس نیٹ ورک سے وابستہ دیگر افراد اور سپلائی چین کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ملاوٹ مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں تاکہ شہریوں کو معیاری اور صحت بخش خوراک فروخت کرنے والوں کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 24

متعلقہ افسران، مشینری اور عملہ مکمل طور پر الرٹ ہے۔ ترجمان راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے مطابق مون سون سیزن سے قبل خصوصی صفائی مہم کے دوران پیج بھانہ، جان کالونی، اسلم مارکیٹ، حبیب کالونی، فرینڈز کالونی، شالے ویلی، ریج روڈ، ریج روڈ کالونی، ڈھوک بنارس، غازی آباد، کامران مارکیٹ، فیصل کالونی اور آڈرا 22 نمبر سمیت اہم نالوں کی صفائی تقریباً مکمل کر لی گئی ہے اور ان تمام مقامات کی مسلسل نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ تمام متعلقہ عملہ 24 گھنٹے الرٹ ہے، جبکہ بھاری اور ہلکی مشینری کو بھی کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رکھا گیا ہے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ نالوں میں کچرا، ملبہ یا دیگر فضلہ ہرگز نہ پھینکیں، انتظامیہ سے تعاون کریں اور کسی بھی شکایت یا ہنگامی صورتحال کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ بروقت کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 25

کامیاب رہا ہے۔ محمد سلیم نے بتایا کہ ایک کینیڈین فضائی کمپنی نے پاکستان کے لیے ہفتے میں 5 براہ راست پروازیں شروع کرنے کی منظوری کے سلسلے میں رابطہ کیا ہے۔ محمد سلیم یہ بات کینیڈا کی پاکستانی نژاد رکن پارلیمنٹ اقرا خالد کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں پاکستانی نژاد ارکان پارلیمنٹ اسلم رانا اور سمیر زبیری، قونصل جنرل خلیل باجوہ، ڈپٹی قونصل جنرل محمد حسن اور لبرل پارٹی کے صوبائی صدر قیصر ڈار بھی شریک تھے۔ ہائی کمشنر نے کہا کہ آئندہ سال پاکستان کے اعلیٰ سطح کے وفود کینیڈا کا دورہ کریں گے جن میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا میں پاکستانی ٹیکسٹائل، چمڑے اور دیگر مصنوعات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، اس کے علاوہ ٹورنٹو میں پاکستانی قونصل خانہ نئی عمارت میں منتقل ہو چکا ہے جہاں کمیونٹی کے لیے قونصلر خدمات کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ہائی کمشنر محمد سلیم نے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی جانب سے کینیڈین ارکانِ پارلیمنٹ کو پاکستانی آم تحفے میں پیش کیے۔

بقیہ نمبر 26

طاقت کے استعمال پر سیاسی اور عوامی حلقوں کی جانب سے شدید تنقید کا سلسلہ جاری ہے۔ اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت سے اس کارروائی کی وضاحت طلب کرتے ہوئے اسے جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راجیہ سبھا کے رکن اور ممتاز قانون دان کپل سبل نے طلبہ کے احتجاجی مارچ کے دوران پیلٹ گنز کے استعمال پر وزیر داخلہ امیت شاہ کی خاموشی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کو اس معاملے پر پارلیمنٹ میں جواب دینا چاہیے۔ ایک میڈیا انٹرویو میں کپل سبل نے کہا کہ وزیر داخلہ آخر کیوں خاموش ہیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے پاس کوئی جواب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ حکام کی منظوری کے بغیر کوئی بھی ادارہ پیلٹ گنز استعمال نہیں کر سکتا، کیونکہ ایسے اختیارات صرف اعلیٰ سطح پر دیے جاتے ہیں۔ کپل سبل نے کہا کہ پیلٹ گنز کا استعمال صرف غیر معمولی حالات میں کیا جاتا ہے، اس لیے حکومت واضح کرے کہ طلبہ کے پرامن احتجاج کے دوران ایسے ہتھیار استعمال کرنے کی ضرورت کیوں پیش

آئی۔ ان کے بقول اگر احتجاج پرامن تھا تو طاقت کے اس درجے کا استعمال کسی صورت جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکمران جماعت کے بعض رہنماؤں نے ابتدا میں پیلٹ گنز کے استعمال کی خبروں کی تردید کی، تاہم جب ان کے استعمال کی تصدیق ہوگئی تو وزیر داخلہ امیت شاہ نے خاموشی اختیار کر لی، جو کئی سوالات کو جنم دیتی ہے۔ کپل سبل نے مطالبہ کیا کہ حکومت اس معاملے کی مکمل وضاحت کرے، ذمہ داران کا تعین کیا جائے اور طلبہ کے خلاف طاقت کے استعمال کے فیصلے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، تاکہ عوام اور پارلیمنٹ کو حقائق سے آگاہ کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 27

کو اپنی ترجیحات کے مطابق وقت تقسیم کا فلسفہ پر عملداری کی ذہن سازی کریں۔ اداراتی ضوابط اور قاعدہ وضوابط پر خود، والدین اور طلباء کو فعال کریں۔ نصاب کی تقسیم و تکمیل اور بروقت ٹیسٹ سیشن مکمل کریں۔ طلباء کا قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچائیں۔ ہر استاد اپنے مضمون کے نتائج اور کارکردگی کے لئے جوابدہ ہے۔ اللہ انسان پر اتنی ذمہ داری ڈالتا ہے۔ جتنی ذمہ داری وہ بطریق احسن سرانجام دیتا ہے۔ جب انسان اپنی ذمہ داری اچھی طرح پوری کرتا ہے۔ اللہ اسکی ذمہ داری بڑھا دیتا ہے۔ کریئر کی سوچ محنتی اساتذہ کو انتظامی امور میں آگے لانے کی ہے۔ اس کے بعد اسے ملازم سے مالک بنانے کی عملی منصوبہ بندی کا لائحہ عمل دیتا ہے۔ جس پر عملداری یقینی بناتے ہوئے ہمارے اساتذہ اور پرنسپل اداروں کے مالک بن رہے ہیں۔ ٹیچر ٹریننگ میں سوالات کے جوابات دیتے ہوئے پروفیسر عامر نے کہا کہ اداراتی پالیسی پر عدم عملداری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ تاہم محنت اور ایمانداری سے کام کر کے کارکردگی دینے والے اساتذہ ادارے کے ماتھے کے جھومر اور قابل عزت مقام پر فائز رہتے ہیں۔ ٹیچر ٹریننگ کے بعد اساتذہ نے اپنے اپنے مضامین میں بہترین نتائج دینے اور ٹیم ورک کی مشترکہ سوچ اپنانے کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ نمبر 28

آیا جب سیوٹا میں مقامی حکام نے مرکزی حکومت سے سرحدی خلاف ورزی پر کمک طلب کی۔ مراکش سے لوگوں کا ایک بڑا ہجوم سرحدی باڑ توڑتے ہوئے اسپین میں داخل ہوا۔ سپین کی حکومت نے کہا کہ وہ سیوٹا شہر میں سکیورٹی کو برقرار رکھنے میں سول گارڈ کی مدد کے لیے مسلح افواج بھیجے گی جبکہ اسپین کے وزیر اعظم پیڈرو سانچیز و وزیر داخلہ فرنانڈو گرانڈے کے ساتھ جمعہ کو سیوٹا کے دورے پر آئیں گے۔ اسپین کے سول گارڈ افسران کی نمائندگی کرنے والی ایسوسی ایشن کے سربراہ، جو سیوٹا میں سرحد کی نگرانی کرتے ہیں، نے ایسوسی ایٹڈ پریس کو بتایا کہ صورتحال مکمل افراتفری کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ درست تعداد بتانا ممکن نہیں لیکن ہزاروں تارکین وطن کراس کر رہے ہیں جبکہ سرحد مکمل طور پر منہدم ہو چکی ہے۔

بقیہ نمبر 29

حقوق کی سنگین پامالیوں کے خلاف ایک پُرامن احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج کی قیادت کل جماعتی حریت کانفرنس کے کنوینیر غلام محمد صفی نے کی، جبکہ حریت رہنماؤں، سیاسی و سماجی شخصیات اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر بھارتی مظالم، غیر قانونی گرفتاریوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکاء نے عالمی برادری سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری ریاستی دہشت گردی کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے کنوینیر غلام محمد صفی نے کہا کہ بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں ظلم وجبر کی نئی لہر شروع کر رکھی ہے۔ گزشتہ چند دنوں کے دوران ساڑھے تین ہزار سے زائد کشمیری نوجوانوں اور شہریوں کو بلاجواز گرفتار کر کے تشدد، ہراسانی اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا ہے، جو انسانی حقوق کے عالمی قوانین اور جنیوا کنونشن کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت طاقت، جبر اور ریاستی دہشت گردی کے ذریعے کشمیری عوام کے جذبہ آزادی کو ہرگز شکست نہیں دے سکتا

بقیہ نمبر 30

پاسداران انقلاب کو فراہم کرنے کا الزام ہے۔ برطانوی خبر رساں اداروں کے مطابق 44 سالہ راشد سلطانوف کو 17 جولائی کو قبرص میں گرفتار کیا گیا۔ یہ کارروائی لندن کی انسداد دہشت گردی پولیس کی جاری تحقیقات کے تحت کی گئی۔ برطانوی پولیس کے مطابق تحقیقات کا تعلق قبرص میں واقع آر اے ایف اکروتیری فضائی اڈے پر 11 مئی سے 22 جون 2025 کے دوران پیش آنے والے مبینہ جاسوسی کے واقعات سے ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ راشد سلطانوف پر الزام ہے کہ انہوں نے برطانوی فوجی اڈے کی مبینہ طور پر خفیہ نگرانی کی، جو برطانوی قانون کے تحت ایک ممنوعہ مقام قرار دیا جانا ہے۔ پولیس کے مطابق الزام ہے کہ حاصل کی گئی معلومات بعد میں ایران کی اسلامی پاسداران انقلاب سے منسلک ایک غیر ملکی انٹیلی جنس ادارے کو فراہم کی گئیں۔ برطانوی حکام نے کہا ہے کہ ملزم کو قانونی کارروائی کے تحت برطانیہ منتقل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ اس کے خلاف مقدمہ چلایا جا سکے۔ تاحال ملزم یا ایرانی حکام کی جانب سے ان الزامات پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، جبکہ عدالت میں بھی ان الزامات کا فیصلہ ہونا باقی ہے۔ دفاعی اور سکیورٹی ماہرین کے مطابق حالیہ برسوں میں یورپ میں مبینہ جاسوسی کے واقعات کے باعث حساس فوجی تنصیبات کی نگرانی اور سکیورٹی مزید سخت کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 31

سروس ڈیلیوری مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سواں زون خرم اشرف کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سواں اور رورل زون کے تمام ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، افسران کی کارکردگی، جرائم کی روک تھام، اشتہاری و عادی مجرمان کی گرفتاری، زیر تفتیش مقدمات کی پیش رفت، سکیورٹی انتظامات اور شہریوں کو بہتر سروس کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایس پی سواں زون نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ اور ٹارگٹڈ کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جبکہ کار و موٹر سائیکل چوری، راہزنی، ڈکیتی اور پراپرٹی کرائم میں ملوث گینگز کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ان کے تمام ارکان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اشتہاری اور عادی مجرمان کی فوری گرفتاری اور زیرِ التواء مقدمات کو میرٹ پر نمٹانے کی بھی ہدایت کی۔ ایس پی سواں زون نے مزید کہا کہ تمام پولیس اسٹیشنز میں SIPS پروٹوکول کے تحت سروس ڈیلیوری کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اپنایا جائے، جبکہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے افسران کو مزید ہدایت کی کہ مؤثر نگرانی، ٹیم ورک اور جدید پولیسنگ کے ذریعے جرائم کی روک تھام کو یقینی بنایا جائے اور امن وامان، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی عملداری میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 32

لگانے کے بجائے عوامی فیصلے کا احترام کیا جانا چاہیے، پیپلز پارٹی جو موجودہ سیاسی نظام پر تنقید کرتی ہے، انہیں یاد رکھنا چاہیے کہ وہ خود اسی نظام کا حصہ ہے اور اہم آئینی عہدوں پر فائز ہے، انہوں نے کہا کہ بار بار دھمکی دینے والی پیپلز پارٹی کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اگر ہم گنتے گئے تو سب اکٹھے جائیں گے، جس طرح لوگ ووٹ ڈالنے کے لیے باہر نکلے، یہ کشمیری عوام اور جمہوریت کی فتح ہے، ہمیں تنازعات کھڑے نہیں کرنے چاہئیں۔

بقیہ نمبر 33

ہوا، عوام کو بتایا جانا چاہیے کہ اس سسٹم کو ڈیفالٹ موڈ پر کون لے کر گیا۔ انہوں نے کہا کہ جب سے ملک نئے پاکستان سے پرانے پاکستان کی طرف گیا تباہی شروع ہوگئی، عدلیہ تباہ ہوئی معاشی خرابی پیدا

ہوئی اور عوام کا نظام پر اعتماد اٹھ گیا، ایسا سمجھا جائے کہ ملک میں ہر طرف آگ لگ گئی رہی ہے

بقیہ نمبر 34

انتہائی غور طلب اور وقت کی ضرورت ہیں۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کی بڑھتی آبادی اور انتظامی ضروریات کے پیشِ نظر ہر صوبے کو تین صوبوں (انتظامی یونٹس) میں تقسیم کیا جائے۔ صدر آئی پی پی نے کہا کہ موجودہ صوبوں کو نارتھ، سینٹرل اور ساؤتھ کے نام سے تین تین صوبوں میں تقسیم کیا جائے، اس طرح سے کسی بھی صوبے کا نام تبدیل کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی، صوبوں کی اس تقسیم سے تمام علاقوں کی تاریخی و ثقافتی شناخت مکمل طور پر برقرار رہے گی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئے صوبے بننے سے عوام کے تمام مسائل کا پائیدار حل ممکن ہو سکے گا، شہریوں کو چھوٹے کاموں کیلئے سیکڑوں کلومیٹر کا لمبا سفر کر کے دارالحکومتوں میں جانا پڑتا ہے، اگر نئے صوبے بن جائیں اور مسائل دہلیز پر حل ہوں تو آخر کسی کو کیا تکلیف ہو سکتی ہے؟ ہاں اگر کسی کی بادشاہت میں کمی آتی ہے تو وہ ایک الگ بات ہے۔

بقیہ نمبر 35

دیا گیا ہے۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے کہا کہ گیواتی بریگیڈ کے ٹرابر بٹالین کو سزا دی گئی ہے اور انہیں 30 روز کے لیے فوجی جیل بھیج دیا گیا ہے، جو جمعرات کو جنوبی اسرائیل میں سدی تیان فوجی بیس پر اجتماعی طور پر بغیر اجازت ڈیوٹی چھوڑنے کے واقعے میں شامل تھے۔

بقیہ نمبر 36

راستہ تبدیل کیا اور سابقہ پوزیشنوں کی جانب واپس لوٹ گئے۔ قبرص میں ایران کیلئے جاسوسی کرنے والا دوہری شہریت کا حامل برطانوی شہری گرفتار

بقیہ نمبر 37

پیش آنے والے ٹریفک حادثات میں 4 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ ایس ایچ او سہیل فاروق نے بتایا کہ ٹریلر کی ٹکر سے جاں بحق نوجوان کی شناخت 18 سالہ رحمان اور زخمیوں کی 23 سالہ شہریار اور 32 سالہ زین کے نام سے شناخت ہوئی ہے، جنہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے حادثے کے ذمہ دار ڈرائیور زمان کو گرفتار کر کے ٹریلر اور متوفی کی موٹر سائیکل قبضے میں لے کر تھانے منتقل کر دی اور اس حوالے سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 38

لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ اس حوالے سے صوبائی وزیر مائنز اینڈ منرلز شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ ریسکیو ٹیمیں انتہائی دشوار حالات کے باوجود آپریشن مسلسل جاری رکھے ہوئے ہیں، متاثرہ کان میں پھنسے دیگر مزدوروں تک رسائی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ افسوسناک واقعہ میں جاں بحق کان کنوں کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، جاں بحق مزدوروں کے لواحقین کو فی کس 5 لاکھ روپے اور زخمیوں کو فی کس 3 لاکھ روپے معاوضہ ادا کیا جائے گا، حادثے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جائیں گی۔ قبل ازیں کوئلہ کان کے مالک نے میڈیا کو بتایا تھا کہ کان میں میتھین گیس کے باعث دھماکا ہوا، دھماکے کے وقت 42 مزدور تھے، کان میں پھنسے تمام مزدوروں کا تعلق خیبر پختونخوا کے علاقے شانگلہ سے ہے۔ قبل ازیں چیف مائنز انسپکٹر عبدالغنی نے بتایا کہ کوئلہ کان سے اب تک 32 کان کنوں کی لاشیں نکالی گئی ہیں، کان بیٹھنے کے باعث وہاں کام کرنے والے 34 کان کن پھنس گئے تھے، دھماکے کے بعد کان کا بڑا حصہ بیٹھ گیا تھا۔ صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ محنت کش ہمارا اثاثہ ہیں، مزدوروں کے لیے مستقل حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلہ کان میں پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ صدرِ مملکت نے حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ کان میں پھنسے تمام مزدوروں تک جلد از جلد رسائی کو یقینی بنایا جائے اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، وطن کی تعمیر و ترقی میں محنت کش طبقے کا کردار قابلِ قدر ہے، اور ان کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صدرِ مملکت نے اس امر پر زور دیا کہ کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی جانوں کے تحفظ کے لیے حفاظتی ضوابط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلہ کان حادثہ میں مزدوروں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ سورنج میں کوئلہ کان میں گیس بھر جانے کے باعث ہونے والا حادثہ نہایت افسوسناک ہے۔ انہوں نے ہدایت کی پی ڈی ایم اے اور دیگر متعلقہ ادارے امدادی کارروائیوں کو مؤثر اور منظم انداز میں جاری رکھیں، تمام زخمیوں کے بروقت ریسکیو اور علاج کے لئے خصوصی انتظامات یقینی بنائیں جائیں۔ وزیر اعظم نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ متاثرہ مزدوروں کے ریسکیو اور ریلیف تک ریسکیو آپریشن جاری رکھا جائے، کوئلہ کی کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی جانوں محفوظ بنانے کے لئے مستقل حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت اور مرحومین کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی

بقیہ نمبر 39

چارٹر کے آرٹیکل 51 کے مطابق سعودی عرب کو اپنے دفاع کے لیے ضروری اقدامات کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کو اولین ترجیح دیتا ہے اور تمام فریقین سے تحمل کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کرتا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پاکستان، امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مؤثر عمل درآمد کا حامی ہے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی رابطے اور کوششیں بدستور جاری ہیں تاکہ متعلقہ فریقوں کو مذاکرات کی میز پر لایا جا سکے

بقیہ نمبر 40

کورس کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم کو سزائے موت اور آٹھ لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ عدالت نے فیصلے میں کہا کہ مجرم کو اس وقت تک پھانسی کے پھندے پر لٹکائے رکھا جائے جب تک موت نہ آجائے، مجرم نے لین دین کے جھگڑے پر نوجوان کو فائرنگ سے قتل کیا تھا۔

بقیہ نمبر 41

میریٹ، وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی اور وزیر اعظم کے مشیر برائے کرپٹو کرنسی بلال بن ثاقب بھی موجود تھے۔ سجادہ نشین پیر سید محمد حسن حسیب الرحمٰن نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران پیر سید محمد حسن حسیب الرحمٰن نے چیئرمین سینیٹ اور برطانوی ہائی کمشنر کو عیدگاہ شریف کی تاریخ، روحانی خدمات، دینی و اصلاحی کردار اور سلسلہ تصوف سے وابستہ روایات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ عیدگاہ شریف گزشتہ ڈیڑھ صدی سے زائد عرصے سے روحانی تربیت، دینی تعلیمات، ذکر وفکر، میلاد کی محافل اور اسلامی اقدار کے فروغ کا ایک اہم مرکز ہے، جہاں ملک و بیرون ملک سے لاکھوں عقیدت مند حاضری دیتے ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے عیدگاہ شریف کی دینی، روحانی اور سماجی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پیر سید محمد حسن حسیب الرحمٰن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام نے ہمیشہ محبت، رواداری، اخوت، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا پیغام عام کیا، جس کی آج بھی معاشرے کو اشد ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اسلام امن، محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کا دین ہے، جو انسانوں کو ایک

دوسرے کے حقوق کا خیال رکھنے، اتحاد و یگانگت کو فروغ دینے اور معاشرے میں ہم آہنگی پیدا کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور نفرت انگیزی کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔ اسلام پوری انسانیت کے لیے رحمت، امن اور خیرخواہی کا پیغام لے کر آیا ہے اور دنیا بھر میں امن واستحکام کے فروغ کا داعی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس موقع پر ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال پر بھی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس وقت قومی اتحاد، سیاسی استحکام، آئینی بالادستی اور جمہوری اقدار کے استحکام کا متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی قوتوں کو ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھنا چاہیے تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان قومی اتفاق رائے، مکالمے اور جمہوری روایات کے فروغ میں اپنا آئینی کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام، سرمایہ کاری کے فروغ، برآمدات میں اضافے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مربوط پالیسیوں، اداروں کے باہمی تعاون اور قومی یکجہتی کے ذریعے پاکستان معاشی ترقی، خوشحالی اور پائیدار استحکام کی جانب مزید پیش رفت کرے گا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دہشت گردی، انتہا پسندی، غربت، بے روزگاری اور دیگر قومی مسائل سے نمٹنے کے لیے پوری قوم کو اتحاد، برداشت اور باہمی اعتماد کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کے مضبوط جمہوری ادارے، عوام کی اجتماعی قوت اور قومی یکجہتی ملک کو ہر چیلنج سے کامیابی کے ساتھ ہمکنار کریں گے۔ آخر میں چیئرمین سینیٹ نے اس امید کا اظہار کیا کہ عیدگاہ شریف جیسے روحانی مراکز محبت، برداشت، مذہبی ہم آہنگی، بین المذاہب احترام اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اپنا مؤثر کردار آئندہ بھی اسی جذبے سے ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 42

کیا ہے۔ اپنے بیان میں حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کان میں پھنسے تمام مزدوروں تک جلد از جلد رسائی یقینی بنائی جائے اور امدادی کارروائیوں کو تیز کیا جائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو بچایا جا سکے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے مزدور انتہائی خطرناک حالات میں اپنے فرائض انجام دیتے ہیں، اس لیے ان کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے المناک واقعات کے بعد صرف تعزیتی بیانات کافی نہیں، بلکہ حکمرانوں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے کان کنی کے شعبے میں حفاظتی معیار بہتر بنانے چاہئیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے مطالبہ کیا کہ ملک بھر کی کوئلہ کانوں میں حفاظتی انتظامات کا ازسرنو جائزہ لیا جائے، مزدوروں کو ضروری حفاظتی سہولیات فراہم کی جائیں اور مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے جامع پالیسی اختیار کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مزدور ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ان کی زندگیوں کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہونی چاہیے

بقیہ نمبر 43

داسو برانچ کوہستان میں موجود اکاؤنٹ میں ٹرانزیکشن ہوئی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ملزم جہانزیب کے مطابق اکاؤنٹ کو شریک ملزم محمد ریاض نے کرپشن کی رقم کی ترسیل کے لیے استعمال کیا۔ شر

بقیہ نمبر 44

نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دے کر کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر کیا تھا۔ وزیر اعظم آفس کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا، ہلال امتیاز (ملٹری)، ستارۂ بسالت، چیف آف جنرل سٹاف کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دینے اور انہیں کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ مقرر کرنے کی منظوری دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے جنرل عامر رضا کو ترقی اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور نئی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 45

ناکامی کے بعد بھارت افغانستان میں پاکستان کیخلاف اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے، بھارت کی طالبان حمایت کا اصل مقصد فتنہ الخوارج پر اثر و رسوخ قائم کر کے اسے پاکستان کیخلاف استعمال کرنا ہے۔ مسعود اندرابی نے کہا کہ افغانستان میں دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں پر پاکستان کی بمباری بھارت کیلئے ایک واضح پیغام ہے، طالبان کی جانب سے فتنہ الخوارج کو پناہ دینا پاکستان کی سرحد پار کارروائیوں اور تعلقات میں کشیدگی کی بنیادی وجہ ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ بیانات پاکستان کے اس مؤقف کو تقویت دیتے ہیں کہ افغان سرزمین بھارت کی حمایت یافتہ دہشت گرد گروہوں کے ذریعے پاکستان کیخلاف استعمال ہو رہی ہے، پاکستان افغان طالبان رجیم کو دہشت گرد ٹھکانوں کے خاتمے کے حوالے سے متعدد بار متنبہ بھی کر چکا ہے

بقیہ نمبر 46

تودے گرنے سے 10 کوہ پیماؤں کی ایک ٹیم کے لاپتہ ہونے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ کلب نے کہا کہ ٹیم کی قیادت نرل پرجا کر رہے تھے اور اس واقعے کے بعد سے ان تک نہیں پہنچ پا رہے۔ براڈ پیک دنیا کا 12 واں بلند ترین پہاڑ ہے

بقیہ نمبر 47

بنایا جائے۔ ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے۔ اوگرا کی استعداد اضافے کے لیے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں۔ اوگرا کی تنظیم نو کر کے ہر شعبے اور منصب کے لیے ماہرین کی میرٹ پر شفاف طریقہ کار سے تعیناتی کی جائے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اوگرا کی اصلاحات و تنظیم نو کے لیے حکومت ہر قسم کے پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرے گی۔ حکومت عوام کی ایک ایک پائی کا تحفظ کرے گی، کسی کو عوام کے استحصال اور سسٹم میں مداخلت کی اجازت نہیں دیں گے۔

بقیہ نمبر 48

گئے ہیں اور اس حوالے سے اعداد وشمار جاری کر دیے گئے ہیں۔ کے پی ٹی کی جانب سے جاری سالانہ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے دوران بندرگاہ سے مجموعی طور پر 44.55 ملین ٹن کارگو گزرا جو گزشتہ مالی سال کے 53.95 ملین ٹن کے مقابلے میں 76.2 فیصد زیادہ ہے، اس اضافے کی بنیادی وجہ درآمدات میں خاطر خواہ اضافہ رہا جبکہ برآمدات میں کچھ کمی دیکھی گئی۔

بقیہ نمبر 49

اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران وزیر اعظم نے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی سفارتی ذمہ داریوں کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کے فروغ کے لیے ان کی مخلصانہ کاوشوں کو سراہا۔ وزیر اعظم نے سیاسی، تجارتی، اقتصادی، دفاعی، ثقافتی اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ بالخصوص دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازوں کے آغاز میں ان کی خدمات کو قابل تحسین قرار دیا

بقیہ نمبر 50

کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھنے میں آئی، 1300 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 76 ہزار 920 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

بقیہ نمبر 51

فراہمی میں سہولت کے غیر مستند دعوؤں سے جوڑنے کی مہم بے نقاب ہوگئی ہے۔ مبصرین کے مطابق یہ مہم خطے میں جنگی ماحول کو ہوا دینے، پاکستان کے خلاف منفی تاثر قائم کرنے اور اس کی سفارتی کوششوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہے۔

بقیہ نمبر 52

، بیلٹس اور انتخابی ریکارڈ عوام کے سامنے رکھے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی ذمہ داری کسی ایک سیاسی جماعت کو جتوانا نہیں بلکہ کشمیر کے عوام کے ووٹ کا تحفظ کرنا ہے۔ ہمیں کسی کا احسان نہیں بلکہ ہمیں ہمارا حق چاہیے بلاول بھٹو نے مزید کہا کہ ہمیں صرف صاف و شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات چاہئیں

بقیہ نمبر 53

ہیں۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا ہے کہ سسٹم کی خرابی اور کمزوری کا تو بچے بچے کو علم ہے، وفاقی وزیر کی اپنی ہی حکومت کے خلاف چارج شیٹ لمحہ فکریہ ہے، طے یہ کرنا ہے کہ اس سسٹم کے خالق کون ہیں اور اس کی خرابی کے ذمہ دار کون ہیں؟ اسلم غوری نے کہا کہ ہائبرڈ نظام کے خالق اور اس کا حصہ بننے والے لوگ، ملک کو اس مقام پر پہنچانے کے ذمہ دار ہیں، ہائبرڈ نظام نے ملک کی جڑیں کھوکھلی کر دی ہیں، محسن نقوی کا بیان اعتراف جرم کے زمرے میں آتا ہے۔ اسلم غوری نے کہا کہ نظام عدل کا کنٹرول، شعائر اسلام کی توہین، اسمبلیوں کی خرید وفروخت، دھاندلی زدہ انتخابات، آئین پاکستان میں غیر آئینی ترامیم اس نظام کے سیاہ کارنامے ہیں، آئین سے ماورا ہر قدم ملک اور نظام کو تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے

بقیہ نمبر 54

ختم ہو جائے گی ایران کے خلاف امریکی فوج کی کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران کی فوج بڑی حد تک تباہ ہو چکی ہے اور اس کی پیداواری صلاحیت بھی تقریباً ختم ہو چکی ہے۔ کابینہ خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ ہم نے شاندار کام کیا ہے، ہمیں 5 ماہ ہو چکے ہیں اور ایران کی فوجی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دیا ہے جبکہ ویتنام میں 20 سال تک رہے تھے۔ ٹرمپ نے کہا کہ دوبارہ کہہ رہا ہوں، ان کے پاس تھوڑی صلاحیت باقی ہے لیکن جلد ہی وہ بھی نہیں رہے گی، ہم ان پر سخت حملے کریں گے۔ جنگ بندی بحال ہونے کے امکانات سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ ہم صرف جیتنا چاہتے ہیں، ایران کے معاملے میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ایرانی فوج کمزور کر دی گئی ہے اور تہران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا۔ انہوں نے مزید بڑی کارروائی کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ ہم ان پر حملہ کریں گے اور بہت سخت حملے کریں گے اور ایک وقت پر وہ کہیں گے کہ ہم اب مزید برداشت نہیں کر سکتے اور اگلے دو ہفتوں میں ایران کے خلاف بڑی کارروائی کی تجویز سے متعلق سوال پر اشارات میں جواب دیا۔

بقیہ نمبر 55

سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے لیے بنائے گئے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتوں کا تعین کیا ہے نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمت کا اطلاق یکم اگست 2026 سے 3 اگست 2026 تک ہوگا۔ اوگرا نے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں صرف 66 پیسے اور پیٹرول کی قیمت میں 12 پیسے کی کمی کر دی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر نئی قیمت 392 روپے 38 پیسے اور پیٹرول کی قیمت 336 روپے 3 پیسے مقرر کی گئی ہے جبکہ گزشتہ روز بالترتیب 393 روپے 4 پیسے اور 336 روپے 15 پیسے کر دی گئی تھی

بقیہ نمبر 56

خطرے کی زد میں آگئے۔ دوسری جانب راولپنڈی اور اسلام آباد میں بھی موسلا دھار بارش نے معمول زندگی متاثر کر دیا۔ فلڈ کنٹرول روم کے مطابق صبح 4 بج کر 40 منٹ پر شروع ہونے والے بارش کے اسپیل کے دوران سب سے زیادہ 103 ملی میٹر بارش کچہری چکالہ میں ریکارڈ ہوئی، بارش کے باعث نالہ لئی میں پانی کی سطح 10 فٹ ریکارڈ کی گئی، جس کے بعد گوالمنڈی پر پری الرٹ نافذ کر دیا گیا۔ ادھر مصریال روڈ کی فرینڈز کالونی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں کھیلتے ہوئے ایک بچہ برساتی نالے میں ڈوب گیا، شدید بارش نے راولپنڈی کے تاریخی راجہ بازار کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حال ہی میں ماڈل بازار قرار دیے گئے علاقے میں نکاسی آب کا مؤثر انتظام نہ ہونے کے باعث پانی دکانوں میں داخل ہو گیا، جس سے تاجروں کو لاکھوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ فوارہ چوک اور اطراف کی شاہراہیں بھی زیر آب آگئیں، جبکہ شہریوں کے مطابق موقع پر راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کا کوئی اہلکار موجود نہیں تھا ایم ڈی واسا عزیز اللہ خان کے مطابق صادق آباد، ڈھوک کالا خان، گوالمنڈی، ملت کالونی، جاوید کالونی، جان کالونی، مصریال روڈ، گرجا روڈ، دھمیال اور دیگر نشیبی علاقوں سے پانی نکالنے کے لیے کارروائیاں کی گئیں۔

بقیہ نمبر 57

آئی ایس پی آر نے کہا کہ لاپتا افراد سے متعلق بھی کہا جاتا ہے کہ 10 ہزار کبھی 20 ہزار کہتے ہیں، لاپتا افراد کا پروپیگنڈا ابھی ناکام ہو گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ گزشتہ 5 سال کے دوران انسداد دہشتگردی کے لیے مجموعی طور پر 40 ہزار 348 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے جس میں 2 ہزار 4 8 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں 31 ہزار 80 اور کے پی میں 7 ہزار 177 آپریشن کیے گئے، پاکستان کے دیگر علاقوں میں 2 ہزار 91 آئی بی اوز کیے گئے۔ بلوچستان میں 178 شہید، 55 اغوا اور 24 پل تباہ ہوئے جبکہ بلوچستان میں پولیس اور لیوی کے خلاف 105 واقعات ہوئے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ رواں سال اب تک دہشتگردی کے خلاف جنگ میں آرمی کے 303 جوان اور 322 شہری شہید ہو چکے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ 2026 میں دھماکوں کے 28 واقعات ہوئے جن میں زیادہ تر افغانی شامل ہیں جبکہ ٹانک اور کراچی میں پیش آنے والے واقعات میں افغانی باشندے ملوث تھے۔ افغان طالبان رجیم کا ایک ہی کام ہے یہ دہشت گردی کو بطور کاروبار کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہم ان کو باہر نکل کر مار رہے ہیں، ہم ان کا شکار کر رہے ہیں، اس لیے اب فتنۃ الخوارج، فتنۃ الہندوستان اور ان کے بھارت میں بیٹھے ہینڈلرز اب سافٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ یہ بلوچستان کی بچیوں کے ساتھ ایک واردات ڈال رہے ہیں۔ بلوچستان کا مسئلہ وہیں کے سردار اور ایلیٹ طبقہ ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ آج ہمیں بلوچستان کے بنیادی مسئلے پر پہنچنا ہے، صوبے کا مسئلہ وہیں کے سردار اور ایلیٹ طبقہ ہے، ایلیٹ اور سردار کہتے ہیں کہ غریب کا بچہ تعلیم حاصل نہ کر سکے، ان کو لیویز فورس کی تنخواہیں چاہئیں، ان کو اپنے ذاتی گھروں کی چوکیداری کے لیے لیویز فورس چاہیے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دہشت گردوں کا ایک قبیلہ ہے جس میں اسٹیٹس کو ہے اور اسٹیٹس کو یہ ہے کہ غریب کا بچہ پڑھے نہیں اور ہمیشہ ان کا غلام رہے۔ کیا حقوق کی بات کرنے والے اپنے فرائض سے بھی آگاہ ہیں؟ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ کاروبار کے نام پر منشیات اور ڈیزل اسمگلنگ کرتے ہیں، سردار چاہتے ہیں 1000 ارب کے بجٹ میں حصہ ملے لیکن نہیں دیں گے، سردار کہتے ہیں ہمیں حصہ نہیں دو گے تو دہشت گردی کروائیں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ انہیں عادت ہے لیویز میری ذاتی فورس ہے، میں اس کا سردار ہوں، انہیں مسئلہ ہے کہ ہمارے پیروں کو ہاتھ کیوں نہیں لگایا جا رہا جبکہ بلوچستان کے عوام ہی اصل میں صوبے کے اسٹیک ہولڈرز ہیں، یہ اپنے غیر قانونی دھندوں کے لیے پرمٹس مانگتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ کیا ہم ہارڈ اسٹیٹ ہے یا نہیں؟ ہارڈ اسٹیٹ وہ ہوتی ہے جس میں تمام معاملات آئین اور قانون کے مطابق ہوں، ہارڈ اسٹیٹ کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ملٹری ریاست کو چلا رہی ہے۔

صدر پی ایچ ایف میجر محی الدین وانی کو صدر پریس کلب عبدالرزاق سیال، سیکرٹری فرقان راؤ یادگاری تحفہ پیش کر رہے ہیں

ہاکی ٹیم کو عالمی معیار کی فٹنس اور ٹریننگ فراہم کریں گے، محی الدین وانی

کھلاڑیوں کو پریکٹس اور ورکنگ لیول کی ایکسپوژر دینے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، ہر سطح پر ہاکی کو سپورٹ کریں گے

ہاکی ٹیم کیلئے وسائل کی کمی نہیں ہونے دیں گے، صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن کا نیشنل پریس کلب میں تقریب سے خطاب

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میجر محی الدین وانی نے کہا ہے کہ قومی ہاکی ٹیم کو جدید تربیت، فٹنس، ایکسرسائز، فیلڈ کے مناسب ٹرینرز، ریکوری [illegible] غذائی ضروریات کے حوالے سے بھی خصوصی [illegible] پورا [illegible] ہے، جبکہ [illegible] کیا جارہا ہے، مختلف ٹرفس پر کھلاڑیوں کو پریکٹس اور ورکنگ لیول کا ایکسپوژر دینے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، تاکہ عالمی سطح کے مقابلوں سے قبل ٹیم مکمل طور پر تیار ہو سکے، ہم(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 3)

اقلیتی طلبہ کو تعلیمی کوٹے پر عملدرآمد کی رپورٹ جاری کی جائے، مناری فورم

وفد کی گورنر پنجاب سے ملاقات، اقلیتی حقوق اور مساوی شہریت پر تبادلہ خیال

مساوی حقوق اور تعلیمی مواقع کے فروغ کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، مناری فورم

لاہور (سپیشل رپورٹر): مناری فورم پاکستان کے جنرل سیکرٹری ڈینیل میسی کی قیادت میں پانچ رکنی وفد نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ وفد میں سینٹر فار سوشل جسٹس (CSJ) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پیٹر جیکب، معروف سماجی کارکن تنویر جہاں اور دیگر نمائندگان شامل تھے۔ ملاقات کے دوران اقلیتی برادری کے مساوی شہریت، آئینی حقوق، سماجی شمولیت، مذہبی آزادی اور تعلیم تک مساوی رسائی سمیت مختلف اہم امور پر(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 5)

7 اگست اسلام آباد کی شاہراہوں پر عوام کا سمندر اُمڈے گا، نصر اللہ رندھاوا

احتجاج پرامن سیاسی مزاحمت کا تاریخی دن ہوگا، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر پٹرولیم لیوی، مہنگائی، بے تحاشا ٹیکسوں اور عوام دشمن معاشی پالیسیوں کے خلاف 7 اگست کو ہونے والے ملک گیر احتجاج کی تیاری کے سلسلے میں جماعت اسلامی اسلام آباد کے زیر اہتمام آج نمازِ جمعہ کے بعد وفاقی دارالحکومت کی مختلف مساجد کے باہر احتجاجی مظاہرے کیے گئے۔(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 8)

جماعت اسلامی اسلام آباد کے زیر اہتمام مہنگائی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

مہنگائی اور بیروزگاری سے ذہنی بیماریوں میں خطرناک حد تک اضافہ جاری، انتباہ

آمدن اور اخراجات میں عدم توازن مسلسل ذہنی دباؤ کو جنم دیتا ہے جو بعد ازاں ڈپریشن، اینزائٹی اور مایوسی بن جاتا ہے، فاطمہ طاہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مہنگائی، بے روزگاری اور مسلسل معاشی دباؤ پاکستان میں صرف لوگوں کی قوتِ خرید ہی نہیں بلکہ ذہنی، نفسیاتی اور جسمانی صحت پر بھی گہرے اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق مالی مشکلات، روزگار کا عدم تحفظ، قرضوں کا بڑھتا بوجھ اور مستقبل سے متعلق غیر یقینی صورتحال کے باعث ڈپریشن، اینزائٹی، بے خوابی، چڑچڑا پن، خاندانی تنازعات، ہائی بلڈ پریشر اور دل کے امراض سمیت مختلف ذہنی و جسمانی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ کلینیکل سائیکالوجسٹ فاطمہ طاہر کے مطابق آمدنی اور اخراجات میں عدم توازن (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 9)

بھارت پانی کو سیاسی ہتھیار نہ بنائے، سفیر فیصل نیاز ترمذی

بھارت کو ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات پر نظرثانی کرنی چاہیے

ماسکو (کے پی آئی) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ بھارت کی موجودہ قیادت نفرت کی سیاست سے اپنے ہی ملک کو نقصان پہنچا رہی ہے، ماسکو میں سفارت خانہ پاکستان میں روسی اور پاکستانی صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں، اس لیے دونوں ممالک کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ پاکستان بھارت کے ساتھ مذاکرات، عوامی روابط، ثقافتی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 10)

ساہیوال، اوکاڑہ سے 2 بھارتی ایجنٹ گرفتار

ملزمان عبدالعزیز اور ولایت شاہ پشاور کے رہائشی ہیں، بارودی مواد، اسلحہ برآمد

ساہیوال، اوکاڑہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ملزمان ساہیوال اور اوکاڑہ میں دہشتگردی کرنا چاہتے تھے، سی ٹی ڈی حکام، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بھارت کی بدنام زمانہ خفیہ ایجنسی 'را' کا ساہیوال اور اوکاڑہ میں دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا۔ کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ پنجاب کے حکام کے مطابق خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ساہیوال (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 11)

بھٹ شاہ، حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عرس تقریب میں محنت کش روایتی شال بن رہا ہے

لاہور محفوظ شہروں میں شامل، کرائم انڈیکس کم ریکارڈ

سیفٹی انڈیکس میں اضافہ لاہور پولیس کی موثر حکمت عملی کا واضح ثبوت

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) نمبیو کرائم اینڈ سیفٹی انڈیکس 2026 کے مطابق لاہور دنیا کے محفوظ ترین بڑے شہروں میں شامل ہو گیا ہے جبکہ فہرست میں شامل بڑے شہروں کے مقابلے میں لاہور کا کرائم انڈیکس سب سے کم ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق لاہور نے سیفٹی انڈیکس میں کراچی، نئی دہلی، پیرس، لندن، واشنگٹن، نیویارک اور میکسیکو سٹی جیسے بڑے شہروں کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ وسط 2025 کے مقابلے میں وسط 2026 کے دوران لاہور کا کرائم انڈیکس 8.36 سے کم ہو کر 2.36 پر آ گیا جبکہ سیفٹی انڈیکس گزشتہ سال کے 2.63 سے بڑھ کر 8.63 ریکارڈ کیا گیا۔

لاہور، ایک درخت پر خوبصورت کھجوریں لگی ہوئی ہیں

آزاد کشمیر الیکشن کا دوسرا مرحلہ، انتخابی مہم اختتام پذیر

گوجرخان میں مسلم کانفرنس سمیت دیگر امیدواروں کی بھرپور مہم

گوجرخان (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے مہاجرین کشمیر مقیم پاکستان کے حلقہ LA-44 جموں 5 سے آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے نامزد امیدوار و قانون ساز اسمبلی کے سابق اسپیکر [illegible] آزاد کشمیر سردار عتیق [illegible] جنرل سیکرٹری [illegible] چیئرمین گوجرخان میڈیا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 1) [illegible] انتخابی مہم [illegible] پولنگ کا عمل کل 02 اگست 2026 [illegible] آخری روز بھی انتخابی مہم عروج پر پہنچی

تھانہ گوجرخان پولیس کی کارروائیاں

دو منشیات فروش گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) سی پی او راولپنڈی [illegible] کی ہدایات پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے سلسلے میں تھانہ گوجرخان پولیس نے [illegible] دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے [illegible] چرس برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق [illegible] خفیہ اطلاع (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 2)

راجا انٹرٹینمنٹ کا 2 انٹرنیشنل فلمز، تین سیریلز، ٹیلی فلمز بنانے کا اعلان

ساجد شاہ ٹی وی اور راجا انٹرٹینمنٹ کی نجی ہوٹل میں سالانہ تقریب کا اہتمام

پراجیکٹس کا معاہدہ راجاز انٹرٹینمنٹ اور سیون سٹوڈیو امریکہ کے مابین طے پا گیا

پراجیکٹس میں راولپنڈی اسلام آباد کے فنکاروں کو کام دیا جائے گا، فاروق راجا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) معروف میڈیا ہاؤس راجاز انٹرٹینمنٹ اور ساجد شاہ ٹی وی کی نجی ہوٹل میں سالانہ شاندار تقریب راولپنڈی اسلام آباد کے نامور سینیئر آرٹسٹوں کی شرکت راجاز انٹرٹینمنٹ کے اونر سابق ایگزیکٹو پرڈیوسر فاروق عباس راجا کا دو انٹرنیشنل فلمز تین سیریلز متعدد ٹیلی فلمز بنانے کا اعلان راولپنڈی اسلام آباد ایم اعوان کے مطابق گزشتہ شب راولپنڈی کے نجی ہوٹل میں راجاز انٹرٹینمنٹ اور ساجد شاہ ٹی وی کے اشتراک سے شاندار سالانہ تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کی میزبانی راجاز انٹرٹینمنٹ کے چیف آپریٹنگ آفیسر عثمان فاروق راجا عمر فاروق (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 4 1)

نجات کا واحد ذریعہ نبی کریمؐ کی غلامی اور اتباع ہے، پیر سرکار جی

راولپنڈی (خبرنگار) آستانہ عالیہ محمدیہ قادریہ قلندریہ گلشن آباد شریف کے سجادہ نشین پیر سرکار جی کا یکم ربیع الاول شریف سے 12 ربیع الاول شریف تک عظیم الشان 28 ویں سالانہ 12 روزہ آل پاکستان جشن عیدمیلاد (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 4)

پنجاب میں بی جے پی کی انجینئرڈ افراتفری حکمتِ عملی بے نقاب

چندی گڑھ (کے ایم ایس) بھارت میں مودی کی زیر قیادت بی جے پی حکومت 2027 کے پنجاب اسمبلی انتخابات سے قبل اقتدار پر اپنی گرفت مزید مضبوط کرنے کیلئے اختلاف رائے کو کچلنے اور مرکز کے کنٹرول کو بڑھانے کے لیے عدم تحفظ پیدا کرنے کی اپنی فسطائی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 6)

ہنگو چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کا مقدمہ سی ٹی ڈی کوہاٹ میں درج

ہنگو (مانیٹرنگ ڈیسک) ہنگو کے خزینہ بانڈہ چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کا مقدمہ سی ٹی ڈی کوہاٹ میں درج کر لیا گیا۔ ایس ایچ او سی ٹی ڈی کوہاٹ کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا، مقدمے میں انسدادِ دہشت گردی ایکٹ سمیت 16 مختلف دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق دہشت گردوں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد میں طالبات کیلئے آگاہی سیمینار

ہنگامی صورتحال میں پولیس سے بروقت رابطہ کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد ماڈل سکول فار گرلز میں خواتین کے تحفظ اور ذاتی حفاظت سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں اساتذہ اور طالبات کو روزمرہ زندگی میں حفاظتی تدابیر، محتاط رویے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں پولیس سے بروقت رابطہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 15)

ٹیکسلا: دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام استقبالِ ربیع الاول اجتماع

مسلمان کی حقیقی کامیابی اللہ تعالیٰ کی رضا اور نبی کریمؐ کی اطاعت میں ہے، وقار المدین

ٹیکسلا (خصوصی رپورٹ) دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام استقبالِ ربیع الاول کے سلسلے میں ایک عظیم الشان سنتوں بھرا اجتماع ٹیکسلا میں منعقد ہوا، جس میں رکنِ مرکزی مجلسِ شوریٰ دعوتِ اسلامی حاجی وقار المدینہ عطاری نے خصوصی شرکت کی اور عشقِ رسولؐ، سنتوں پر عمل اور اسلامی تعلیمات کے موضوع پر ایمان افروز بیان فرمایا۔ اجتماع میں ہزاروں کی تعداد میں عاشقانِ رسولؐ، دعوتِ اسلامی کے ڈسٹرکٹ و تحصیل نگرانوں، ذمہ داران، سیاسی و سماجی شخصیات، مذہبی و دینی حلقوں سے وابستہ افراد اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد پولیس کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ آپریشنز

15 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کیے۔ کارروائیوں کے دوران 651 افراد 219 گھروں 83 دکانوں 37 ہوٹلوں 287 موٹر سائیکلوں اور 122 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی جبکہ جانچ پڑتال کے لیے 15 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 7 1)

کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن گوجرخان کا اہم اجلاس

ملک محبوب حسین کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، راجہ جواد، ماجد احمد و دیگر

گوجرخان (بیورو رپورٹ) مرکزی کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن گوجرخان کا اہم اجلاس جناح ہوٹل گوجرخان میں منعقد ہوا جس میں سابق صدر کریانہ ایسوسی ایشن ملک محبوب حسین کے لیے تعزیتی ریفرنس پیش کیا گیا مرکزی انجمن تاجراں گوجرخان کے صدر راجہ جواد سیکرٹری تیمور وارثی کریانہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین ماجد حبیب احمد اور چیف کوآرڈینیٹر شیخ احتشام (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 19)

اختر عباسی سے سمال چیمبر چیمبر اف کامرس کے الیکشن بارے گفتگو کر رہے، اس موقع پر عبدالواب ارائی بھی موجود

گلشن آباد ہاؤسنگ سوسائٹی کو لاکھوں کے نقصان پہنچانے کا انکشاف

جوائنٹ رجسٹرار نے ذمہ داران کے خلاف کارروائی اور ریکوری کی ہدایت کر دی

اڈیالہ (نامہ نگار) گلشن آباد ہاؤسنگ سوسائٹی کو ماہانہ ایک لاکھ 17 ہزار 640 روپے نقصان پہنچانے کا انکشاف، جوائنٹ رجسٹرار نے سابق انتظامیہ کو ذمہ دار قرار دے دیا۔ گلشن آباد اے بی اے ڈی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی راولپنڈی میں کمرشل پلاٹوں پر قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر دکانیں تعمیر کر کے کرائے پر دینے کے معاملے میں جوائنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز راولپنڈی نے سابق انتظامیہ کو ذمہ دار قرار دیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف کارروائی اور ریکوری کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 20)

کھنہ پل پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز فیلڈ ہسپتال میں طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں

نئے انتظامی یونٹس، محسن نقوی کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں، محمد اسلم

عوامی مسائل حل کے لئے اس واحد راستہ کو اپنانے کے سوا کوئی چارہ نہیں

کراچی (نمائندہ۔ شہرنامہ) کراچی گرینڈ الائنس کے چیئرمین محمد اسلم خان نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے پاکستان میں انتظامی یونٹ بنانے کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس کی حمایت کی ہے، انہوں نے کہا کہ دیرینہ عوامی مسائل کے حل کے لئے اس واحد راستہ کو اپنانے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ اور ہر اس معاملے میں جس میں پاکستان کی ترقی شامل ہو اس مطالبے کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور فیلڈ مارشل سید اصف منیر جو محسن نقوی صاحب کے مطابق ملک کے لیے بہترین کام کر رہے ہیں ہم اس کا بھی خیر مقدم کرتے ہیں کیونکہ ملک ہے تو ہم سب (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 21)

راول ڈویژن پولیس کی کارروائیاں، 3 گینگز کے 9 ملزمان گرفتار

ایک مسروقہ رکشہ، 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں، چھینی گئی رقم اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راول ڈویژن پولیس نے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تین گینگز کے خلاف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 2 مسروقہ رکشے، 10 مسروقہ موٹر سائیکلیں، چھینے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 22)

مہاراشٹر میں کثیر منزلہ رہائشی عمارت منہدم، 9 افراد ہلاک

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت کی جنوب مغربی ریاست مہاراشٹر میں ایک کثیر منزلہ رہائشی عمارت گرنے کے نتیجے میں کم از کم 9 افراد ہلاک جبکہ متعدد افراد ملبے تلے دب گئے ہیں۔ ریسکیو حکام نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ہلاکتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ چینی خبر رساں ادارے شنہوا کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ ممبئی کے قریب واقع بھیونڈی علاقے میں پیش آیا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 12)

بلقیس صابر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر خواتین ونگ کی نائب صدر مقرر

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) بلقیس صابر کو مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر خواتین ونگ کا نائب صدر مقرر کر دیا گیا۔ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر خواتین ونگ کی صدر مریم کشمیری کی سفارش پر جنرل سیکرٹری ناصرہ خان کے دستخطوں سے بلقیس صابر کا بطور نائب صدر خواتین ونگ تقرر کا جمعے کو نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

سپریم کورٹ کے تکنیکی وفد کا چین کا سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) سپریم کورٹ کے تکنیکی وفد نے چین کا سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل کر لیا۔ سپریم کورٹ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 13)

ایرانی ڈرون معلومات، امریکا کا 1 کروڑ 50 لاکھ ڈالر انعام کا اعلان

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے ایرانی پاسداران انقلاب کے مالیاتی نیٹ ورک کو متاثر کرنے والی معلومات فراہم کرنے پر 1 کروڑ 50 لاکھ ڈالر تک انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ریوارڈز فار جسٹس پروگرام کے مطابق یہ انعام ایسے شواہد یا معلومات کے لیے رکھا گیا ہے جو کیمیا پارٹ سیوان کمپنی کے مالیاتی اور سپلائی نیٹ ورک کو بے نقاب کرنے میں مدد دیں۔

اسلام آباد، راجاز انٹرٹینمنٹ اور ساجد شاہ ٹی وی کے زیر اہتمام تقریب کے بعد فنکاروں کا گروپ فوٹو

گوجرخان میں فوڈ اتھارٹی کا چھاپہ، 425 کلو مضر صحت مکھن تلف

لیب رپورٹ نے تیار کیا جانے والا مکھن میں بناسپتی گھی کی ملاوٹ ثابت کر دی، فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

مکھن پر Lyallpur Butter اور Tazo Butter کے نام سے جعلی لیبل لگا کر اسلام آباد اور فیصل آباد کے پتے درج کیے جاتے تھے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں جعلی مکھن فیکٹری بے نقاب، 425 کلو مضر صحت مکھن تلف، لیب رپورٹ نے ملاوٹ ثابت کر دی، فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی کی خفیہ اطلاع پر گوجرخان میں ایک نجی رہائش گاہ میں قائم مبینہ غیر قانونی ڈیری پروسیسنگ یونٹ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 425 کلوگرام مضر صحت اور ملاوٹ شدہ مکھن قبضے میں لے کر تلف کر دیا گیا۔ لیبارٹری رپورٹ میں بناسپتی گھی کی ملاوٹ اور خمیر کی مقدار مقررہ حد سے زیادہ ثابت ہونے کے بعد یونٹ کے مالک کے خلاف (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 23)

آئی سی سی کالج سیکشن بہارہ کہو میں ٹیچر ٹریننگ کا انعقاد

استاد طلباء کی وقت تقسیم کا فکر و فلسفہ پر عملداری کی ذہن سازی کریں، محمد عامر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئی سی سی کالج سیکشن بہارہ کہو میں ٹیچر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر نے انٹرمیڈیٹ کے اساتذہ کو ٹریننگ دیتے ہوئے کہا کہ استاد احساس ذمہ داری سے کام کرے۔ طلباء میں بھی احساس ذمہ داری کا وصف کا پیدا ہو جاتا ہے۔ استاد بروقت نصاب اور ٹیسٹ سیشن مکمل کرے۔ استاد طلباء (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 27)

کینیڈا تا پاکستان پروازوں کی تیاری

تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد/ٹورنٹو (نیوز ایجنسیاں) کینیڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم نے بتایا ہے کہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوستانہ تعلقات مزید مستحکم ہو رہے ہیں اور کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کا حالیہ دورہ پاکستان انتہائی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 25)

نئی دہلی، طلبہ پر پیلٹ گنز کا استعمال

مودی حکومت تنقید کی زد میں

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت میں وزیراعظم نریندر مودی کی حکومت کی جانب سے نئی دہلی میں امتحانی بے ضابطگیوں کے خلاف احتجاج کرنے والے طلبہ پر پیلٹ گنز سمیت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 26)

49 ہزار افراد سپین داخل، میڈرڈ کا فوج تعینات کرنیکا فیصلہ

میڈرڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپین اپنی فوج کو مراکش کے ساتھ اپنی سرحد پر سیوٹا شہر میں امن بحال کرنے کے لیے تعینات کرنے جا رہا ہے جہاں ہزاروں تارکین وطن شہر میں داخل ہو گئے جبکہ اس کوشش میں کم از کم 19 افراد ہلاک ہوئے۔ یہ اعلان اس وقت سامنے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 28)

حریت کانفرنس کا مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشتگردی کیخلاف احتجاج

بھارتی حکومت نے مقبوضہ وادی میں ظلم و جبر کی نئی لہر شروع کر رکھی، غلام محمد صفی

اسلام آباد (پ ر) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں و کشمیر و پاکستان کے زیر اہتمام آج نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے سامنے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی قابض افواج کی جانب سے جاری بڑے پیمانے پر گرفتاریوں، گھروں پر چھاپوں اور انسانی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، حریت کانفرنس آزاد کشمیر و پاکستان شاخ کے زیر اہتمام مقبوضہ کشمیر میں بھارتی دہشتگردی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

مون سون سیزن، کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی عملہ کی چھٹیاں منسوخ

نالوں کی صفائی مکمل، اطراف رہائش پذیر افراد کو بھی ممکنہ خطرات سے آگاہ کر دیا گیا، تمام مقامات کی مسلسل نگرانی

نکاسئ آب کو یقینی بنانے کے لیے عملہ 24 گھنٹے الرٹ، مشینری ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار ہے، ترجمان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) مون سون بارشوں کے ممکنہ خطرات کے پیشِ نظر راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ نے ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید کی خصوصی ہدایات پر ایمرجنسی اسٹاف کی تمام چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں، جبکہ نالوں کے اطراف رہائش پذیر افراد کو بھی ممکنہ خطرات سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ بارشوں کے دوران نکاسئ آب کو یقینی بنانے کے لیے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 24)

تھانوں میں سروس ڈلیوری معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، ایس پی سواں

خرم اشرف کی زیرِ صدارت اہم اجلاس، بہتر پولیس سروسز کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس پی سواں زون خرم اشرف کی زیرِ صدارت اہم اجلاس۔ ایس پی سواں زون نے تمام افسران کو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، کار و موٹر سائیکل چوری میں ملوث گروہوں کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیوں اور SIPS پروٹوکول کے تحت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)

ایران کیلئے جاسوسی کرنے والا دوہری شہریت کا حامل برطانوی شہری گرفتار

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ اور آذربائیجان کی دوہری شہریت رکھنے والے ایک شخص کو قبرص میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ قبرص میں واقع برطانوی فضائی اڈے کی مبینہ جاسوسی کر کے معلومات ایران کی اسلامی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 30)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہگی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویر پارٹنرز
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083